Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 15 جون 2026، 29 ذوالحجہ 1447ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 63

بین الاقوامی یتیم ایکسی لنس اور پرائیوٹ حج سکیم کو تین ایوارڈ ملنے کا اعلان

سعودی حکومت کی نئی ٹائم لائن کے تحت حج پالیسی 2027 رواں سال جون میں ہی وفاقی کابینہ میں پیش کر دی جائے گی

جس میں پہلے آؤ، پہلے پاؤ کی پالیسی برقرار رہے گی، اگلے دو ماہ میں نئے حج کی بکنگ مکمل ہونے کا امکان ہے، سردار محمد یوسف

لاہور: مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر آسرا خلاق ویلفیئر ایسوسی ایشن کے کانووکیشن میں عہدیداران کو شیلڈ دے رہے ہیں۔

مکہ مکرمہ (این ای این) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے حج 2026 کے کامیاب انعقاد اور پاکستان کو مسلسل دوسرے سال بین الاقوامی ایکسی لنس اور پرائیویٹ حج سکیم کو تین ایوارڈ ملنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں سال بہترین انتظامات کی بدولت شکایات کا تناسب ایک فیصد سے بھی کم رہا، روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ سے 80 فیصد عازمین نے فائدہ اٹھایا، سعودی حکومت کی نئی ٹائم لا (بقیہ نمبر 1)

اڈیالہ جیل کے باہر احتجاج کا شیڈول جاری، پی ٹی آئی کا 10 ہزار افراد جمع کرنے کا اعلان

اس احتجاج کے پیچھے کوئی سیاسی مقاصد یا توڑ پھوڑ نہیں بلکہ خالصتاً قانونی اور انسانی بنیادیں شامل

احتجاج ضروری دباؤ پیدا کرے گا جس سے عمران خان کی طویل قید تنہائی ختم کی جا سکے؛ علیمہ خان کا بیان

راولپنڈی (یو این پی) سابق وزیراعظم اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے منگل کے روز اڈیالہ جیل کے باہر احتجاج کا شیڈول جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے سوشل میڈیا پر جاری کردہ اپنے ایک خصوصی بیان میں اعلان کیا ہے کہ تحریکِ انصاف کی قیادت اور اپوزیشن اتحاد منگل کے روز راولپنڈی کی اڈیالہ جیل کے باہر ایک بڑا اور طاقتور عوامی اجتماع کرنے جا رہے ہیں، اس (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد معاہدے پر دستخط کا وقت قریب آ جانا تاریخی لمحہ، عالمی توجہ پاکستان پر مرکوز ہے

عالمی توجہ مضبوطی سے پاکستان پر مرکوز ہے، پارلیمان اور سیاسی عمل ایسے مسائل کو حل کرنے کے مناسب فورمز ہیں، چیئرمین

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اسلام آباد معاہدے پر دستخط کا وقت قریب آ جانا تاریخی لمحہ ہے، عالمی توجہ مضبوطی سے پاکستان پر مرکوز ہے، سیاسی شکایات اور اختلافات کا حل جمہوری، آئینی اور پرامن ذرائع سے نکالا جانا چاہیے، پارلیمان اور سیاسی عمل ایسے مسائل کو حل کرنے کے مناسب فورمز ہیں، ہم سیاسی حل کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی شکایات اور اختلافات کا حل جمہوری (بقیہ نمبر 5)

عوامی خدمت مریضوں کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح غفلت کی گنجائش نہیں

شناختی کارڈ یا ب فارم نہ ہونے پر پرچی سے محروم کرنا ناقابلِ برداشت

گوجر خان (قمر شہزاد) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان، ڈاکٹر مرزا عمر فاروق نے سوشل میڈیا پر زیر گردش خاتون اور بچے کی پرچی سے متعلق واقعے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ہسپتال انتظامیہ عوامی خدمت اور مریضوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ اپنے ایک خصوصی بیان میں ڈاکٹر مرزا عمر فاروق نے کہا کہ مذکورہ معاملہ سامنے آتے ہی فوری طور پر بچے کی پرچی جاری کر دی گئی تھی اور طبی امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 4)

پاکستان چار برس سے چار فیصد معاشی شرح نمو بھی حاصل نہیں کر سکا، مفتاح اسماعیل

گزشتہ تین برسوں میں تنخواہ دار طبقے سے حاصل ہونے والا ٹیکس تقریباً چار گنا بڑھ گیا تھا

اسلام آباد (یو این پی) سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ اس بات سے اتفاق کرنا پڑے گا کہ حکومت نے اپنے ہی پیدا کردہ بحران کو جزوی طور پر درست کرنے کی کوشش کی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں میں تنخواہ دار طبقے سے حاصل ہونے والا ٹیکس تقریباً چار گنا بڑھ گیا تھا، یہ طبقہ غیر معمولی بوجھ برداشت کر رہا تھا، اس لیے ٹیکس میں کمی ایک مثبت قدم ہے۔ تاہم ٹیکس سلیبز میں جو معمولی ردوبدل کیا گیا ہے، اس کا فائدہ (بقیہ نمبر 3)

ترقی کیلئے پاکستان کو امن سکون اور استحکام دینا ہوگا، تحریک انصاف فسادی اور انتشاری ٹولے کے ہاتھوں یرغمال بن چکی ہے

پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہونے کو تیار، مہنگائی کی شرح 4 فیصد تک آ گئی، احسن اقبال

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اسلام آباد میں چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس سردار ایم سرفراز ڈوگر کے صاحبزادے کی تقریبِ ولیمہ کے دوران۔

مصطفیٰ آباد: پروفیسر ڈاکٹر راشد لطیف خان ہسپتال انتظامیہ کے ہمراہ حمید لطیف ہسپتال میں لائف پلس کلینک کا افتتاح کر رہے ہیں۔

2014 میں بھی دھرنا، سول نافرمانی کی کال دی تھی، آج بھی تخریبی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، وفاقی وزیر

جس شخص نے کبھی یونین کونسل نہیں چلائی 2018 میں کچھ ججوں اور جرنیلوں نے اپنے بچوں کے کہنے پر اسے ملک پر مسلط کیا

نارووال (این ای این) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ترقی کیلئے پاکستان کو امن سکون اور استحکام دینا ہوگا، تحریک انصاف فسادی اور انتشاری ٹولے کے ہاتھوں یرغمال بن چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "سڑکیں بچا (بقیہ نمبر 6)

پنجاب کو پاکستان کی معیشت کا انجن اور ترقی کا مرکز بنائیں گے

مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب کا صبح سویرے اچانک لاہور شہر کا دورہ کیا، مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا جائزہ لیا

مریم نواز نے والٹن روڈ پر نئے اور ہیڈ برج کا دورہ کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نوتعمیر شدہ روٹ 47 کا معائنہ کیا

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صبح سویرے اچانک لاہور شہر کا دورہ کیا اور مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے والٹن روڈ پر نئے اور ہیڈ برج کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نوتعمیر شدہ روٹ 47 کا معائنہ کیا۔ سی بی ڈی روٹ 47 کو عام ٹریفک کے لیے مکمل طور پر فعال کر کے پیک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ روٹ 47 ساز (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی کی تمام تحصیلوں میں محرم الحرام کے لیے خصوصی صفائی آپریشن جاری

جلوسوں کے روٹس اور امام بارگاہوں کی صفائی: رانا ساجد صفدر کی نگرانی میں فیلڈ ٹیمیں متحرک

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر تھراپنجاب پروگرام کے تحت محرم الحرام اور یوم عاشور کے موقع پر ضلع راولپنڈی (بقیہ نمبر 8)

لاہور: موٹر سائیکل سوار فیملی سڑک کنارے بیٹھی خاتون سے ادرک خرید رہی ہے۔

پاکستان، چین مشترکہ ہربل میڈیسن لیبارٹری کا قیام خوش آئند ہے

لاہور (یو این پی) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ انجم مزاری نے پاکستان، چین مشترکہ ہربل میڈیسن ریسرچ لیبارٹری کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے پاکستان کے لیے ایک اہم پیشرفت قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انجم مزاری نے کہا کہ پاکستان قدرتی جڑی بوٹیوں سے مالا مال ملک ہے تاہم جدید تحقیق، ویلیو ایڈیشن اور بین الاقوامی (بقیہ نمبر 9)

آپریشن بنیان المرصوص کے ثمرات جلد امریکہ ایران امن معاہدہ متوقع

رائیونڈ (یو این پی) آپریشن بنیان المرصوص کے ثمرات جلد امریکہ ایران امن معاہدہ متوقع ہے؛ نواز گڈ، امید ہے، امریکہ ایران تاریخی امن معاہدے کو حتمی شکل دے دی جائے گی، وزیراعظم شہباز شریف معاہدے کی تکمیل کے فوراً بعد اس پر الیکٹرانک دستخط کیے جائیں گے، مسلم لیگ ن (بقیہ نمبر 10)

تجارتی مراکز کی ڈیجیٹل میپنگ، جیو ٹیگنگ، فیلڈ سروے سے رجسٹریشن ئے

فکسڈ ٹیکس سکیم کی کامیابی کے لیے واضح پالیسی، عملی روڈ میپ ضروری ہے

لاہور (یو این پی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ میں عام آدمی پر ٹیکسوں کا بوجھ بڑھایا گیا ہے، (بقیہ نمبر 9)

پنجاب حکومت کی کارکردگی سے 62 فیصد شہری مطمئن، سروے رپورٹ

ترقیاتی منصوبوں کو عالمی ماحولیاتی تقاضوں، پائیدار ترقی کے اہداف سے ہم آہنگ کرنے کی تیاری شروع کر دی گئی

پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق منصوبے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کا ٹاسک سونپ دیا گیا

لاہور (این ای این) یورپی یونین تک پاکستان کی ترجیحی تجارتی رسائی برقرار رکھنے کے لیے پنجاب حکومت نے نئے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت ایک جامع روڈ میپ تیار کر لیا ہے جس میں ترقیاتی منصوبوں، ماحولیات، توانائی، ویسٹ مینجمنٹ اور بین الاقوامی معاہدوں پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یورپی یونین کے نئے جی ایس پی پلس نظام کے تحت (بقیہ نمبر 11)

مولانا معاویہ اعظم کا دورہ ڈگری اور آزاد کشمیر کی صورتحال پر گفتگو

خلفائے راشدینؓ کے ایام شہادت پر عام تعطیل اور عشرہ فاروق و حسینؓ منانے کا مطالبہ

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) سنی رابطہ کونسل پاکستان کے مرکزی رہنما اور سابق پارلیمانی لیڈر پنجاب اسمبلی مولانا معاویہ اعظم اور صوبائی جنرل سیکریٹری علامہ عبداللہ سندھی مختصر دورے پر ڈگری پہنچے، جہاں انہوں نے مختلف مذہبی و قومی امور پر اظہار خیال کیا۔ مولانا معاویہ اعظم نے آزاد کشمیر کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 12)

آسرا خلق ویلفیئر فاؤنڈیشن کم وسائل میں زیادہ کام کر رہی ہے' سیف کھوکھر

معاشرے کو آسرا خلق ویلفیئر فاؤنڈیشن جیسے بہت سارے اداروں کی ضرورت ہے

لاہور (این ای این) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ پاکستان میں بہت سی فلاحی تنظیمیں دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے بے پناہ خدمات سر انجام دے رہی ہیں، آسرا خلق ویلفیئر فاؤنڈیشن کم وسائل میں زیادہ کام کر رہی ہے، یہ انتہائی قابل ستائش ہے کہ ڈونرز کا دیا گیا ایک ایک پیسہ ایمانداری سے خرچ (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف خان کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر پاکستان مسلم لیگ نون لیبر ونگ پنجاب کے سینئر نائب صدر سید حامد شاہ سٹی صدر لیبر ونگ شبیر احمد ڈویژن سینیئر نائب صدر ملک عارف اف فتح جنگ جہاں زیب خان شیخ عبدالرحیم راجہ نوید سید عامر سردار شاہ جہان یوسف حافظ سجاد قمر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم، چند مقامات پر بارش کا امکان

مری، گلیات اور ملحقہ علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع

لاہور (یو این پی) محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر علاقوں میں گرمی اور چند مقامات پر بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے جبکہ مری، گلیات اور ملحقہ علاقوں (بقیہ نمبر 2 3)

اسحاق ڈار اور ترک وزیر خارجہ کا رابطہ، ایران امریکا پیشرفت پر اطمینان کا اظہار

گفتگو کے دوران امریکا اور ایران کے درمیان جاری مفاہمت کی جانب پیشرفت کو خوش آئند قرار دیا گیا

اسلام آباد (یو این پی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکی کے وزیر خارجہ حاکان فیدان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں خطے کی صورتحال اور امریکا و ایران کے درمیان پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکی کے وزیر خارجہ حاکان فیدان سے ٹیلیفونک گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ گفتگو کے دوران امریکا اور ایران کے درمیان جاری مفاہمت کی جانب پیشرفت کو خوش آئند قرار دیا گیا اور اس امید کا اظہار کیا گیا کہ یہ مثبت پیشرفت خطے میں دیرپا امن اور استحکام کی بنیاد بن سکتی ہے۔ (بقیہ نمبر 24)



لاہور: حضوری باغ سے لی گئی تصویر میں شاہی قلعے کے مرکزی دروازے کا دلکش منظر۔

محرم الحرام کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

مرکزی رویت ہلال کمیٹی چاند کی رویت سے متعلق شہادتوں کا جائزہ لینے کا بعد حتمی اعلان کرے گی

لاہور (این ای این) محرم الحرام 1448 ہجری کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج (پیر) 15 جون کو ہوگا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔ اجلاس بادشاہی مسجد لاہور کے (بقیہ نمبر 28)

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (یو این پی) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج (پیر) 15 جون کو ہوگا۔ گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد مانیٹری پالیسی کمیٹی اجلاس (بقیہ نمبر 2 2)

بجٹ میں مجموعی طور پر معاشی توازن قائم رکھنے کی کوشش قابل تحسین ہے

لاہور (یو این پی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے بجٹ میں مجموعی طور پر معاشی توازن قائم رکھنے کی کوشش قابل تحسین ہے، تاجروں میں (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی، فائرنگ سے دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر پی پی او کا نوٹس

لاہور (این ای این) محرم الحرام 1448 ہجری کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج (پیر) 15 جون کو ہوگا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔ اجلاس بادشاہی مسجد لاہور کے (بقیہ نمبر 28)

18 فیصد سیلز ٹیکس کی بجائے 25 فیصد شرح سے اضافی وصول کیا گیا

لاہور (یو این پی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے افغانستان سے درآمد ہونے والے جزوی تیار قالینوں پر ایس آر او کے مطابق 18 فیصد سیلز ٹیکس کی بجائے 25 فیصد کی شرح سے اضافی وصول کیے گئے ٹیکس کی واپسی اور پنجاب (بقیہ نمبر 27)

ٹیکس گوشوارے جمع کروانے میں تاخیر کرنے پر جرمانوں میں نمایاں اضافہ

بعض معاملات میں جرمانے دوگنا سے بھی زیادہ بڑھا دیے گئے

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی حکومت نے ٹیکس قوانین پر عمل درآمد کو مؤثر بنانے کے لیے انکم ٹیکس گوشوارے دیر سے جمع کرانے، ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں بحالی اور دستاویزات کی عدم دستیابی یا ناقص ریکارڈ رکھنے پر عائد جرمانوں میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ مالی سال 27-2026 کے فنانس بل کے تحت انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سمیت مختلف وفاقی ٹیکسوں سے متعلق جرمانوں میں اضافہ تجویز کیا گیا ہے، بعض معاملات میں جرمانے دوگنا سے بھی زیادہ بڑھا دیے گئے ہیں، جسے وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کیلئے محصولات بڑھانے کی ایک نئی حکمت عملی قرار دیا جا رہا ہے۔ فنانس بل کے مطابق (بقیہ نمبر 1 2)

شہر میں گرمی کے شدید درجہ حرارت کے باعث برف کی مانگ میں اضافے کے دوران ایک مزدور سڑک کنارے لگی دکان پر ٹرانسپیکل لوڈر سے برف کے بڑے بلاکس اتار رہا ہے۔

آئیسکو کی جانب سے بجلی نادہندگان کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں

بجلی کے بل ادا نہ کرنے والے صارفین کے کنکشنز منقطع کیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر چودھری خالد محمود نے کہا ہے کہ آئیسکو ریجن میں بجلی کے واجبات کی وصولی کے لئے جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز کر دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں خصوصی ریکوری ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں تاکہ قومی خزانے کے تحفظ اور بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انجینئر چودھری خالد محمود نے صارفین سے درخواست کی ہے کے وہ بجلی کی سپلائی منقطع ہونے کی پریشانی اور قانونی کاروائی کی شرمندگی سے بچنے کے لئے فوری (بقیہ نمبر 20)

نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق، خاتون زخمی

جاں بحق افراد کی شناخت سید شہزادہ شاہ اور ان کے بیٹے سید مصطفیٰ شاہ کے نام سے ہوئی

راولپنڈی (این ای این) چاکرہ سادہ روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے باپ بیٹے جان کی بازی ہار گئے، واقعے میں ایک خاتون زخمی ہوگئی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان کی فائرنگ کے نتیجے میں باپ اور بیٹا موقع پر دم توڑ گئے، زخمی ہونے والی خاتون راگیر تھی جو گولی لگنے سے زخمی ہوگئی۔ پولیس نے بتایا کہ جاں بحق افراد کی شناخت سید شہزادہ شاہ اور ان کے بیٹے سید مصطفیٰ شاہ کے نام سے ہوئی، ابتدائی تحقیقات میں واقعے کی وجہ زمین کا تنازع بتائی گئی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او نصیر آباد پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے، ریسکیو 1122 نے لاشیں اور زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس (بقیہ نمبر 19)

سرگودھا: ایک موٹر سائیکل سوار طوفان سے متاثر بجلی کے پول کے نیچے سے گزر رہا ہے جو ہائی گلی میں خطرناک حد تک جھکا ہوا ہے، جس کی الجھی ہوئی تاریں سڑک پر نیچے لٹک رہی ہیں اور شہریوں کے لیے شدید خطرہ بنی ہوئی ہیں کیونکہ حکام نے ابھی تک اس خطرے کو دور نہیں کیا ہے۔

مریم نواز کی نوجوانوں سے خون عطیہ کے کار خیر میں حصہ لینے کی اپیل

رضاکارانہ طور پر بلڈ ڈونیشن کرنے والے کسی ایک فرد یا خاندان نہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوام اور خاص طور پر نوجوانوں سے بلڈ ڈونیشن کے کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔ انٹرنیشنل بلڈ ڈونر ڈے پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ (بقیہ نمبر 18)

9 سالہ آسٹریلوی نژاد پاکستانی بچی کے جاں بحق ہونے پر آسٹریلین حکومت کا نوٹس

آسٹریلیا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی اپنی اس معصوم بچی کے قتل اور خاندان پر ہوئے

اسلام آباد/کینبرا (این ای این) صوبہ پنجاب کے ضلع چکوال میں سی سی ڈی اہلکاروں کی مبینہ فائرنگ سے 9 سالہ آسٹریلوی نژاد پاکستانی بچی کے جاں بحق ہونے پر آسٹریلین حکومت نے نوٹس لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں مقیم پاکستانی (بقیہ نمبر 17)

بنوں، جائیداد کے تنازع پر باپ 3 بیٹوں سمیت قتل، ملزمان فرار

بنوں (یو این پی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں جائیداد کے تنازعہ پر ایک ہی خاندان کے چار افراد کو قتل کر دیا گیا (بقیہ نمبر 13)

گھر بیٹھے ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں، پنجاب حکومت نے نئی سہولت متعارف کرا دی

لاہور (یو این پی) پنجاب حکومت نے شہریوں کو جدید اور آسان سہولیات فراہم کرنے کے سلسلے میں اہم قدم اٹھاتے ہوئے ڈرائیونگ لائسنس انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم (ڈی ایل آئی ایم ایس) کو دستک ایپلی کیشن سے منسلک کر دیا۔ اس اقدام کا مقصد شہریوں کو دفاتر کے غیر ضروری چکروں سے بچانا اور ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق (بقیہ نمبر 15)

ایل پی جی مافیا بے قابو، 560 روپے فی کلو تک فروخت

کاہنہ (یو این پی) ایل پی جی مافیا بے قابو، 560 روپے فی کلو تک فروخت، ٹھوکر نیاز بیگ ملتان روڈ پر ہزاروں افراد سراپا احتجاج، شہر بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے نے آٹو رکشہ ڈرائیوروں سمیت شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، رکشہ یونین کے صدر مجید غوری نے میڈیا (بقیہ نمبر 16)

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

درپیش اندرونی وبیرونی چیلنجز میں وفاقی حکومت کا تیسرا اور متوازن قومی بجٹ

وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگ زیب نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیرصدارت منعقدہ قومی اسمبلی کے اجلاس میں گذشتہ روز 18 ہزار 771 ارب روپے کے حجم پر مشتمل قومی بجٹ پیش کر دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف، وفاقی وزرا، اور ارکانِ اسمبلی بشمول اپوزیشن ارکان اجلاس میں موجود تھے۔ اپوزیشن ارکان نے وزیرخزانہ کی بجٹ تقریر کے دوران ہنگامہ آرائی شور شرابا اور دھکم پیل سے ہاو؟ س کو مچھلی منڈی بنائے رکھا اور سرکاری بنچوں پر موجود ارکان سے گتھم گتھا ہوتے رہے۔ اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے دوران حکومتی ارکان نے وزیراعظم کے گرد حفاظتی حصار بنائے رکھا جبکہ سکیورٹی اہلکار اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے دوران گتھم گتھا ہوئے اپوزیشن اور حکومتی ارکان میں بیچ بچاو؟ کراتے رہے۔ اپوزیشن ارکان بجٹ دستاویز کے اوراق پھاڑ پھاڑ کر وزیراعظم اور وزیرخزانہ کی جانب پھینکتے رہے تاہم وزیرخزانہ نے اپوزیشن کے سخت شور شرابا کے باوجود اپنی تقریر جاری رکھی۔ ان کی تقریر کے اختتام پر وزیراعظم شہباز شریف نے انہیں کامیابی کے ساتھ ہاو؟ س میں بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد دی۔ ان کے پیش کردہ 2026-27ء کے بجٹ میں 7020 ارب روپے کا خسارہ ظاہر کیا گیا ہے جبکہ محصولات کی وصولی کا ہدف 15 ہزار 264 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے۔ ان میں 150 ارب روپے کے نئے ریونیو اقدامات بھی شامل ہیں۔ مجوزہ بجٹ میں سرکاری ملازمین اور کم تنخواہ والے طبقے کو ریلیف دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پینشن میں سات فیصد اضافہ اور کم تنخواہ والے ملازمین کی کم از کم تنخواہ میں دس فیصد اضافہ تجویز کیا گیا ہے اور انہیں ٹیکس میں بھی ریلیف دیا گیا ہے۔ بجٹ میں بڑی گاڑیوں اور درجنوں ضروری اشیاء پر سیلز ٹیکس میں اضافہ کیا گیا ہے جس سے یہ اشیاء مزید مہنگی ہو جائیں گی۔ فائلرز کے لئے جائیداد منتقلی پر محصول کی شرح کم کی گئی ہے اور سولر پینل پر عائد ٹیکس کی شرح میں اضافہ نہیں کیا گیا اور ڈاکٹرز، انجینئرز اور پروفیشنلز کو ٹیکس نیٹ میں لایا گیا ہے۔

محرم الحرام: ""صبر، وفا اور حق کی سربلندی""

تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی، شہر: اسلام آباد

اسلامی سال کا آغاز محرم الحرام سے ہوتا ہے۔ یہ صرف ایک نئے سال کی آمد نہیں بلکہ اپنے دامن میں ایسی عظیم یادیں سمیٹے ہوئے ہے جو ہر مسلمان کے دل کو ایمان، صبر، قربانی اور وفاداری کا درس دیتی ہیں۔ محرم الحرام ان مہینوں میں سے ایک ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے خصوصی حرمت اور عظمت عطا فرمائی ہے۔ وقت گزر جاتا ہے مگر کچھ واقعات تاریخ کے صفحات پر ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ میدانِ کربلا کا واقعہ بھی ایسا ہی ایک عظیم باب ہے جس نے حق اور باطل کے درمیان فرق کو ہمیشہ کے لئے واضح کر دیا۔ نواس؟ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امام حسین علیہ سلام اور ان کے جانثار ساتھیوں نے دینِ اسلام کی سربلندی، عدل وانصاف کے قیام اور ظلم کے خلاف استقامت کی ایسی مثال قائم کی جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔ کربلا ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ حق کا راستہ ہمیشہ آسان نہیں ہوتا۔ کبھی اس راہ میں تنہائی آتی ہے، کبھی آزمائشیں اور کبھی ایسے غم جن کا بوجھ اٹھانا انسان کے لئے دشوار ہو جاتا ہے۔ مگر اہلِ کربلا نے ثابت کیا کہ مومن حالات کے سامنے جھکتا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ رکھتے ہوئے ثابت قدم رہتا ہے۔ آج جب ہم محرم الحرام کا استقبال کرتے ہیں تو ضروری ہے کہ اسے صرف ایک تاریخی واقعے کی یاد تک محدود نہ رکھیں بلکہ اس کے پیغام کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ سچ بولنا، ظلم کا ساتھ نہ دینا، کمزوروں کی مدد کرنا، وعدوں کی پاسداری کرنا اور دین کی تعلیمات پر ثابت قدم رہنا ہی دراصل کربلا کے پیغام کو زندہ رکھنا ہے۔ محرم ہمیں صبر کا مفہوم بھی سمجھاتا ہے۔ زندگی میں کبھی یوں بھی ہو جاتا ہے اکثر جب ہم تنہا کر دیئے جائیں۔ خونی رشتہ دار خون کے پیاسے ہونے لگیں۔ جب منافقین کے چہروں سے نقاب الٹ جائیں۔ بدزبان، جھوٹے، مکاروں اور دھوکے باز وفریبی اچھائی کے چوغے اتار پھینکیں تو حیات تو سمجھ جاتی ہے کہ مصیبتوں کی راہ، باہیں وا کئے اب منتظر ہے۔ بندہ نا چاہتے ہوئے بھی اس ڈگر پر قدم رکھ دیتا ہے۔ جس پر چلنے کا اس نے کبھی خیالوں میں بھی سوچا نہیں ہوتا۔ صبر کے درس سے ناآشنائی رکھنے والا عبد صبر کے پیالے کو لبوں سے لگا لیتا ہے، خود سے تو کوئی کم عقل ہی مرے، سو ہر سپ پر گردشِ دوراں ایک سوا ایک ہنٹر رسید کرتا ہے تب جا کر من ایک گھونٹ بھرتا ہے۔ مشکل راہوں کی تکلیفیں روح کو جھنجوڑ کے رکھ دیتی ہیں محترم قاری، اتنے کربوں سے واسطہ پڑے ہی نہ جب پتہ چل جائے کہ اللہ بندے کے بہت قریب ہے، کبھی تنہا نہیں چھوڑتا۔ بالکل اے میرے محترم قاری وہ ہمارے دل کی دھڑکنوں کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ جھوٹ اس میں کچھ بھی نہیں مگر ہم ہی اس کا تدراک نہیں کرتے۔ اس کی رحمت سائے کی طرح ہمارے ساتھ رہتی ہے بلکہ سایہ بھی ساتھ چھوڑ سکتا ہے مگر اللہ کی رحمت کبھی نہیں۔ اس کی رحمت تو انہیں بھی اپنے حصار میں رکھتی ہے جو اسے خدا ماننے پر راضی نہیں۔ اے محترم قاری مشکلات پر ثابت قدمی اور صبر مشکل کاموں میں سے ہیں مگر یہ اللہ کا دستور ہے کہ اگر کوئی ثابت قدم ہو تو اللہ اسے بے پناہ نوازتا ہے۔ صبر صرف مصیبت برداشت کرنے کا نام نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے رہنا بھی صبر ہے۔ زندگی میں آنے والے دکھ، جدائیاں اور آزمائشیں اگرچہ دل کو زخمی کر دیتی ہیں، لیکن ایک مومن جانتا ہے کہ ہر دکھ کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی کوئی حکمت پوشیدہ ہوتی ہے اور ہر رات کے بعد ایک نئی صبح ضرور طلوع ہوتی ہے۔ اسلامی سال کے اس پہلے مہینے میں ہمیں اپنے اعمال کا محاسبہ کرنا چاہئے۔ گزشتہ سال کی کوتاہیوں پر استغفار، آئندہ کے لئے بہتر ارادے اور اللہ تعالیٰ سے مضبوط تعلق ہی نئے سال کا بہترین آغاز ہو سکتا ہے۔ معاشرے میں محبت، اخوت، برداشت اور خیر خواہی کو فروغ دینا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آیئے محرم الحرام کے بابرکت ایام میں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حق کو پہچاننے، اس پر قائم رہنے اور ہر قسم کے ظلم، ناانصافی اور برائی سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو اتحاد، امن اور استحکام نصیب فرمائے اور ہمیں اہلِ بیتِ اطہار علیہ سلام کی محبت، سیرت اور کردار سے روشنی حاصل کرنے کی توفیق دے۔ آمین یارب العالمین

قوموں کا زوال

افکارِ حسن

دانیال حسن چغتائی
hmdaniyal47@gmail.com

قانون قدرت نہایت بے رحم، مگر منصفانہ ہے۔ کائنات کا اٹل اصول ہے کہ ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے اور ہر فصل اپنے بیج کی مرہون منت ہوتی ہے۔ اگر آپ زمین کے سینے میں ایسا بیج بوتے ہیں جو اندر سے گل سڑ چکا ہو، جس کی اپنی صلاحیت ختم ہو چکی ہو۔ اور پھر آپ اس امید پر بیٹھ جائیں کہ چند سالوں میں یہاں سایہ دار، مضبوط اور پھلدار درخت کھڑا ہوگا تو آپ سے بڑا نادان کوئی نہیں ہے۔ گلا سڑا بیج زمین کی نمی اور کھاد کو جذب کرنے کی صلاحیت کھو چکا ہوتا ہے۔ وہ مٹی کو پھاڑ کر باہر نکلنے کے قابل نہیں ہوتا، بلکہ وہ مٹی کے اندر ہی مزید سڑ کر ختم ہو جاتا ہے۔ بالکل یہی مثال انسانی زندگی، معاشرے اور قوموں کی ہے۔ وہ افراد جو سستی، نااہلی اور کام چوری کا شکار ہو چکے ہوں، وہ معاشرے کے گلے سڑے بیج ہیں جن سے کبھی بھی کامیابی، ترقی یا خوشحالی کے پھلدار درخت کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ کامیابی حادثہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ کسی لاٹری کا نام ہے جو سست اور کاہل انسان کے نام نکل آئے۔ یہ طویل، تھکا دینے والے اور مسلسل عمل کا نام ہے، جس کی پہلی شرط ہی صلاحیت اور محنت ہے۔ انسانی شخصیت میں سستی اور کام چوری اس دیمک کی طرح ہیں جو بظاہر نظر نہیں آتیں لیکن انسان کو اندر سے بالکل کھوکھلا کر دیتی ہیں۔ سست انسان ہمیشہ آج کا کام کل پر ٹالنے کا عادی ہوتا ہے۔ وہ مواقع کا انتظار کرتا ہے، لیکن جب موقع سامنے آتا ہے تو اپنی نااہلی کے باعث اسے ضائع کر دیتا ہے۔ کام چوری اپنی ذات اور اپنے فرائض سے غداری کا دوسرا نام ہے۔ جب استاد کلاس میں دل جمائی سے نہیں پڑھاتا، سرکاری ملازم فائل کو آگے بڑھانے کے لیے رشوت یا سستی کا سہارا لیتا ہے یا جب طالب علم امتحانات کی تیاری کے بجائے وقت ضائع کرتا ہے تو وہ اسی گلے سڑے بیج کی مانند بن رہے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ زندگی میں پھل دار یعنی کارآمد نہیں بن سکتے۔ وہ معاشرے پر بوجھ بن کر رہ جاتے ہیں اور ان کا انجام حسرت اور ناکامی ہوتا ہے۔ موجودہ دور مسابقت کا دور ہے۔ آج کے زمانے میں وہی شخص آگے بڑھ سکتا ہے جو اپنے کام میں ماہر ہو۔ نااہلی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ انسان میں سیکھنے کی صلاحیت نہیں تھی بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے خود کو زمانے کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے اور نیا ہنر سیکھنے کی زحمت ہی نہیں کی۔ تساہل اور نااہلی وہ زہر ہیں جو انسان کے اندر چھپے ہوئے جوہر کو کبھی باہر آنے ہی نہیں دیتے۔ جب انسان محنت سے جی چراتا ہے تو وہ نئی مہارتیں سیکھنے سے محروم رہ جاتا ہے۔ نتیجتاً، وہ ہر اس دوڑ میں پیچھے رہ جاتا ہے جہاں قابلیت کی بنیاد پر فیصلے ہوتے ہیں۔ نااہل لوگ اپنی ناکامی کا ملبہ ہمیشہ قسمت، حالات یا دوسروں پر ڈالتے ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہوتی ہے کہ ان کا کردار اور صلاحیت ہی اندر سے خراب تھا۔ جب کسی معاشرے میں سستی اور کام چوری کو عام رویہ تسلیم کر لیا جائے، تو وہ معاشرہ بحیثیت مجموعی زوال پذیر ہو جاتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ وہی قومیں دنیا پر حکمرانی کرتی ہیں جن کے افراد محنتی اور جفاکش ہوتے ہیں۔ بوسیدہ بیجوں سے لہلہاتے ہوئے باغ نہیں بنتے۔ اگر ہمارے نوجوان، جو ملک کا سرمایہ ہیں، سوشل میڈیا کی سکرولنگ، سستی اور بغیر محنت کے شارٹ کٹ سے امیر بننے کے خوابوں میں کھوئے رہیں گے، تو ملک کی ترقی کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ نااہلی جب نظام کا حصہ بنتی ہے تو ادارے تباہ ہوتے ہیں اور جب ادارے تباہ ہوتے ہیں تو ریاستیں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم پھلدار درخت بنیں تو ہمیں سب سے پہلے اپنے اندر کے بیج کو بدلنا ہوگا۔ ہمیں سستی کی چادر اتار پھینکنی ہوگی اور کام چوری کو گناہ کبیرہ سمجھنا ہوگا۔ کامیابی کی راہ میں کوئی شارٹ کٹ نہیں ہوتا۔ جو وقت کو ضائع کرتا ہے، وقت اسے ضائع کر دیتا ہے۔ روزانہ کا کام روزانہ کی بنیاد پر کرنا ہی سستی کا سب سے بڑا علاج ہے۔ اپنی نااہلی کو دور کرنے کے لیے مسلسل سیکھنے کے عمل سے گزرنا ہوگا تاکہ ہم زمانے کے ساتھ قدم ملا کر چل سکیں۔ کام چوری چھوڑ کر اپنے کام کو امانت داری اور دیانت داری سے کرنا ہوگا۔ کائنات کا یہ اصول کبھی نہیں بدل سکتا کہ جیسا بوؤ گے، ویسا ہی کاٹو گے۔ زندگی میں کامیابی، عزت اور خوشحالی کا میٹھا پھل چاہیے تو اپنے اندر کے بیج کو صحت مند، محنتی اور توانا بنانا ہوگا۔ سستی، نااہلی اور کام چوری کے سڑے ہوئے بیج سے پچھتاوے کے کانٹے ہی اُگ سکتے ہیں، کامیابی کا تناور درخت کبھی نہیں نکل سکتا۔ اگر عروج چاہتے ہو تو عمل کی مٹی میں محنت کا پسینہ بہانا سیکھو۔

استاد اور شاگرد کی محنت — کامیابی کا سفر

ازقلم: فیصل جنجوعہ

معاشرے کی ترقی، قوموں کی خوشحالی اور افراد کی کامیابی کے پیچھے اگر کسی ایک طاقت کا سب سے زیادہ عمل دخل ہے تو وہ تعلیم ہے۔ تعلیم کے اس مقدس سفر میں استاد اور شاگرد دو ایسے کردار ہیں جو ایک دوسرے کے بغیر نامکمل ہیں۔ ایک طرف استاد اپنی محنت، تجربے اور خلوص سے علم کی روشنی پھیلاتا ہے، جبکہ دوسری طرف شاگرد اپنی لگن، محنت اور جستجو کے ذریعے اس روشنی کو اپنی زندگی کا حصہ بناتا ہے۔ ماہرین تعلیم کے مطابق کامیابی کا ہر روشن ستارا کسی نہ کسی استاد کی محنت اور کسی شاگرد کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ دنیا کے عظیم سائنس دان، مفکر، ادیب اور رہنما اپنے اساتذہ کی رہنمائی اور اپنی مسلسل محنت کے باعث ہی بلند مقام تک پہنچے۔ استاد صرف کتابی علم منتقل نہیں کرتا بلکہ اپنے شاگردوں کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور کردار کی تعمیر میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک مخلص استاد اپنے شاگردوں کو زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے کا حوصلہ دیتا ہے اور انہیں صحیح اور غلط میں فرق سمجھنے کی صلاحیت عطا کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ استاد کو روحانی والدین کا درجہ دیا جاتا ہے۔ دوسری جانب شاگرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے استاد کے علم اور تجربے سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔ کامیاب شاگرد وہی ہوتا ہے جو سیکھنے کے جذبے کو زندہ رکھتا ہے، سوال کرتا ہے، محنت کرتا ہے اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے مسلسل کوشش جاری رکھتا ہے۔ جب استاد کا خلوص اور شاگرد کی لگن ایک ساتھ مل جائیں تو کامیابی کا راستہ ہموار ہو جاتا ہے۔ تعلیمی ماہرین کا کہنا ہے کہ علم ایک ایسی دولت ہے جو جتنی زیادہ بانٹی جائے اتنی ہی بڑھتی ہے۔ استاد اس دولت کا سب سے بڑا امین ہوتا ہے جو اپنی زندگی کا قیمتی وقت نئی نسل کی تربیت اور رہنمائی میں صرف کرتا ہے۔ اسی طرح محنتی شاگرد اس علم کو اپنی زندگی اور معاشرے کی بہتری کے لیے استعمال کرتا ہے۔ آج کے دور میں جہاں جدید ٹیکنالوجی نے تعلیم کے ذرائع میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، وہاں استاد کی اہمیت کم نہیں ہوئی بلکہ مزید بڑھ گئی ہے۔ جدید دور کا استاد طلبہ کو صرف معلومات نہیں دیتا بلکہ انہیں سوچنے، تحقیق کرنے اور مسائل کا حل تلاش کرنے کی صلاحیت بھی سکھاتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ استاد اور شاگرد کے درمیان احترام، اعتماد اور تعاون کے رشتے کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ تعلیمی ادارے حقیقی معنوں میں علم و کردار کی درسگاہیں بن سکیں۔ کیونکہ جب استاد اپنی ذمہ داری پوری دیانت داری سے ادا کرے اور شاگرد پوری لگن سے علم حاصل کرے تو کامیابی صرف ایک خواب نہیں بلکہ ایک روشن حقیقت بن جاتی ہے۔ بلاشبہ استاد اور شاگرد کی مشترکہ محنت ہی کامیابی کے سفر کی اصل بنیاد ہے، اور یہی بنیاد ایک روشن مستقبل کی ضمانت بھی ہے۔

انسانیت کا سب سے بڑا عہد

تحریر: عنبیہ لطیف

دنیا کی ہر سڑک پر چلنے والا کسی نہ کسی منزل کا مسافر ہے۔ کوئی عدالت کی راہداریوں میں انصاف ڈھونڈ رہا ہے، کوئی ہسپتال کی سفید دیواروں کے درمیان زندگی بچانے کی جنگ لڑ رہا ہے، کوئی درسگاہوں میں علم کی شمع روشن کر رہا ہے اور کوئی رزق حلال کی تلاش میں صبح سے شام تک محنت کر رہا ہے۔ بظاہر یہ راستے الگ الگ ہیں مگر ان سب کی منزل ایک ہی ہے انسانیت کی خدمت۔ وکیل جب قلم اٹھاتا ہے تو صرف ایک مقدمہ نہیں لڑتا وہ حق اور باطل کے درمیان لکیر کھینچتا ہے۔ ڈاکٹر جب مریض کی نبض پر ہاتھ رکھتا ہے تو صرف ایک جسم کا علاج نہیں کرتا، وہ امید کو زندہ رکھتا ہے۔ استاد جب سبق پڑھاتا ہے تو صرف الفاظ منتقل نہیں کرتا، وہ نسلوں کی تقدیر لکھتا ہے۔ مزدور جب اینٹ پر اینٹ رکھتا ہے تو صرف عمارت نہیں بناتا، وہ خوابوں کو چھت عطا کرتا ہے۔ بدقسمتی سے ہم نے پیشوں کو مرتبوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ہم یہ بھول گئے ہیں کہ معاشرہ کسی ایک شعبے سے نہیں بلکہ سب کے اشتراک سے بنتا ہے۔ ایک جج کے فیصلے کو بھی ایک استاد کی تربیت نے جنم دیا ہوتا ہے، ایک ڈاکٹر کی مہارت کے پیچھے کسی ماں کی دعائیں ہوتی ہیں اور ایک کامیاب شخصیت کے سفر میں بے شمار گمنام ہاتھ شامل ہوتے ہیں۔ اصل عظمت عہدوں میں نہیں کردار میں ہوتی ہے۔ تاریخ نے تاج پہننے والوں سے زیادہ ان لوگوں کو یاد رکھا ہے جنہوں نے دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کیں۔ شہرت وقت کے ساتھ ماند پڑ جاتی ہے، دولت نسلوں میں تقسیم ہو جاتی ہے مگر اچھا کردار زمانوں تک زندہ رہتا ہے۔ آج کا انسان ترقی کے بلند مینار تو کھڑے کر رہا ہے مگر کہیں نہ کہیں رشتوں کی بنیادیں کمزور ہوتی جا رہی ہیں۔ ہم نے مشینوں کو تیز کر لیا مگر دلوں کو جوڑنے کا فن بھول گئے۔ ہم نے فاصلے سمیٹ دیے مگر قربتوں کو کھو دیا۔ ہم نے معلومات کے سمندر جمع کر لیے مگر حکمت کے چند قطرے بھی سنبھال نہ سکے۔ سوال یہ نہیں کہ ہم کیا بن گئے ہیں، سوال یہ ہے کہ ہم نے بن کر کیا دیا ہے؟ اگر ہمارا علم کسی کی رہنمائی نہیں کرتا ہماری دولت کسی ضرورت مند کے کام نہیں آتی، ہماری طاقت کسی کمزور کا سہارا نہیں بنتی تو پھر ہماری کامیابی صرف ایک خوبصورت سراب ہے۔ زندگی کا اصل حسن دوسروں کے لیے آسانی پیدا کرنے میں ہے۔ انسان جب اپنے لیے جیتا ہے تو ایک فرد بنتا ہے مگر جب دوسروں کے لیے جیتا ہے تو ایک مثال بن جاتا ہے، اور مثالیں عمروں سے نہیں بلکہ کردار سے جنم لیتی ہیں۔ شاید اسی لیے وقت کی سب سے بڑی عدالت میں انسان سے اس کا عہدہ، (بقیہ نمبر 53)

شوبز SHOWBIZ

عظیم شاعر ومزاح نگار ابن انشاء کا 99 واں یوم پیدائش (آج) منایا جائے گا

شعظیم شاعر ومزاح نگار ابن انشاء کا 99 واں یوم پیدائش (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (یواین پی) اردو ادب کے عظیم شاعر و مزاح نگار ابن انشاء کا 9 9 واں یوم پیدائش (آج) 15 جون کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر کے ادبی حلقوں میں ابن انشاء کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ ابن انشاء جن کا اصل نام شیر محمد خان تھا 15 جون 1927ء کو جالندھر میں پیدا ہوئے وہ اپنی ذات میں ایک انجمن تھے وہ بیک وقت صحافی، شاعر، افسانہ نگار، کالم نگار اور سفرنامہ نگار تھے انہیں ان کی معروف غزل ''انشاء جی اٹھو اب کوچ کرو'' نے شہرت کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ ابن انشاء ملک کے معروف اخبارات و جرائد میں کالم لکھتے رہے ہیں۔

☆☆☆

پاکستان سمیت دنیا بھر میں موسیقی کا عالمی دن 21 جون کو منایا جائے گا

بھر میں ہر سال 1 2 جون کو موسیقی کا عالمی دن منایا جاتا ہے

لاہور (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں موسیقی کا عالمی دن ''ورلڈ میوزک ڈے'' 21 جون کو منایا جائے گا اس دن کے منائے جانے کا مقصد تمام ملکوں کی ثقافت کو موسیقی کے ذریعے اجاگر کرنا ہے ورلڈ میوزک ڈے کے حوالے سے ملک بھر میں شعبہ موسیقی سے وابستہ افراد، میوزک گروپس، ریڈیو اور ٹی وی سے وابستہ سنگرز اور تنظیموں کے زیراہتمام مختلف فنکشنز کا اہتمام کیا جائے گا جس میں موسیقی کے فروغ اور اس سلسلے میں درپیش مسائل پر اظہار خیال کیا جائے گا۔ ورلڈ میوزک ڈے کی ابتدا 1981ء سے ہوئی جس کے بعد پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال 21 جون کو موسیقی کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

فلم انڈسٹری میں بڑی اداکاراؤں کو بھی کسی نہ کسی طرح کمپرومائز کرنا پڑتا ہے

متعدد بھارتی فلموں میں کام کی پیشکش کو ٹھکرایا، پیسے اور طاقت سے متاثر نہیں ہوتی

لاہور (یواین پی) نامور اداکارہ جیا علی نے کہا ہے کہ فلم انڈسٹری میں بڑی اداکاراؤں کو بھی کسی نہ کسی طرح کمپرومائز کرنا پڑتا ہے، میں نے متعدد بھارتی فلموں میں کام کی پیشکش کو صرف اسی وجہ سے ٹھکرایا کیونکہ مجھے علم تھا کہ اس کے لئے مجھے بہت سی قربانیاں دینا پڑیں گی۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں پروڈیوسرز، ہدایتکاروں حتیٰ کہ مرد اداکاروں کی طرف سے بھی بہت سے شرائط رکھی جاتی ہیں، جس میں رات گئے تک پارٹیز اور اس طرح کے دیگر معاملات ہوتے ہیں۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ اس طرح کی سرگرمیاں ہماری فلم انڈسٹری کے لئے بہت خطرناک ہیں۔ جو لڑکیاں ذاتی تعلقات بنانے یا چاپلوسی نہیں کرنا چاہتیں ان کو سمجھا جانا چاہیے نا کہ ٹیلنٹ کو ضائع کیا جائے۔ جیا علی نے کہا کہ اگر میں شوبز میں نہ بھی ہوتی تو اور اگر کسی اور شعبے میں ہوتی تو بھی مرد کی بلیک میلنگ کے خلاف سٹینڈ لیتی، میں نے بلیک میلنگ کی بجائے بہت سے پراجیکٹ چھوڑے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ میں نے ایسی کوئی بھی غلطی نہیں کی جس کا مجھے پچھتاوا ہو کیونکہ میں پیسے اور طاقت سے متاثر نہیں ہوتی۔ میں نے اپنے لئے واضح طور پر حدود کا تعین کیا ہوا تھا اور کبھی اس سے تجاوز نہیں کیا۔

شان کے ساتھ رومانوی فلم کرنے کی خواہش ہے، سونیا علی

لاہور (یواین پی) نامور اداکارہ سونیا علی نے کہا ہے کہ شان چاکلیٹی ہیرو ہیں اور میری خواہش ہے کہ ان کے ساتھ رومانوی فلم کروں۔ ایک انٹر ویو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ شان بہت بڑے اداکار ہیں اور فلم سائیکو میں ان کے مدمقابل کام کرنا میرے لئے یقینی طور پر اعزاز کی بات ہے۔ اس سے پہلے بھی شان کے ساتھ ایک فلم کرنا تھی لیکن ان کی مصروفیات کی وجہ سے ہم اکٹھے کام نہیں کر سکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ شان رومینٹک ہیرو ہیں اور انہیں اس طرح کا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے فلم میں کافی بریک لیا ہے کیونکہ یہ اچھی اداکاری کے لئے ضروری ہوتا ہے۔

☆☆☆

لوک گلوکار عالم لوہار کی برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی

ان کے گائے پنجابی گیتوں کی خوشبو آج بھی موجود ہے لیکن جگنی ان کی خاص وجہ شہرت رہی

لاہور (یواین پی) معروف لوک گلوکار حاجی محمد عالم لوہار کی برسی 3 جولائی کو منائی جائے گی۔ عالم لوہار یکم مارچ 1928 کو گجرات کے نواحی گاؤں اچھ میں پیدا ہوئے۔ ان کے گائے پنجابی گیتوں کی خوشبو آج بھی موجود ہے لیکن جگنی ان کی خاص وجہ شہرت رہی۔ محمد عالم لوہار نے تھیٹر کی دنیا سے اپنی گلوکاری کا آغاز کیا اور انہوں نے ہیر وارث کو 36 مختلف انداز میں گایا۔ عالم لوہار کو گانے کی صنف جگنی کا موجد بھی سمجھا جاتا ہے۔ ان کی خاص پہچان ان کا چمٹا تھا اور انہوں نے چمٹے کو بطور میوزک انسٹرومنٹ استعمال کیا اور دنیا کو ایک نئے ساز سے متعارف کرایا۔ عالم لوہار اپنے مخصوص انداز اور آواز کی بدولت بہت جلد عوام میں مقبول ہو گئے۔ ان کی گائی ہوئی جگنی آج بھی لوک موسیقی کا حصہ ہے۔

پرائیڈ آف پرفارمنس نعت گو شاعر حفیظ تائب کو مداحوں سے بچھڑے 22 برس بیت گئے

فیصل آباد (یواین پی) پرائیڈ آف پرفارمنس نعت گو شاعر حفیظ تائب کو مداحوں سے بچھڑے 2 2 برس بیت گئے۔ حفیظ تائب 4 1 فروری 1931 کو پیدا ہوئے اور ان کا اصل نام عبدالحفیظ تھا۔ انہوں نے اردو، پنجابی اور فارسی زبان میں شاعری کی۔ آپ کی شاعری کی پندرہ کتابیں شائع ہیں۔ آپ نے اپنی شاعری کا آغاز غزل سے کیا۔ حفیظ تائب 4 1 جون 2004 کو وفات پا گئے تھے۔

☆☆☆

پاکستان کے نامور ٹیلی ویژن کمپیئر اور اداکار طارق عزیز کی چھٹی برسی 17 جون کو منائی جائے

حکومتِ پاکستان کی طرف سے طارق عزیز کو 1992 میں حسن کارکردگی کے تمغے سے بھی نوازا گیا

لاہور (یواین پی) پاکستان کے نامور ٹیلی ویژن کمپیئر اور اداکار طارق عزیز کی چھٹی برسی 17 جون کو منائی جائے گی۔ طارق عزیز 28 اپریل 1936 کو ہندوستان (برصغیر) کے شہر جالندھر میں پیدا ہوئے، ان کے والد میاں عبدالعزیز 1947 میں پاکستان ہجرت کر کے آئے، طارق عزیز نے اپنا بچپن ساہیوال میں گزارا، انہوں نے ابتدائی تعلیم ساہیوال سے حاصل کی۔ بعد ازاں انہوں نے ریڈیو پاکستان لاہور سے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا۔ جب 1964 میں پاکستان ٹیلی وژن کا قیام عمل میں آیا تو طارق عزیز پی ٹی وی کے سب سے پہلے مردانا ؤنسر تھے، تاہم 1975 میں شروع کیے جانے والے ان کے سٹیج شو نیلام گھر نے ان کو شہرت کی بلندیوں پر پہنچا دیا، یہ پروگرام کئی سال تک جاری رہا اور اسے بعد میں بزم طارق عزیز شو کا نام دے دیا گیا۔ انہوں نے ریڈیو اور ٹی وی کے پروگراموں کے علاوہ فلموں میں بھی اداکاری کی۔ انہوں نے 1967 میں پہلی فلم انسانیت میں کام کیا اور ان کی دیگر مشہور فلموں میں سالگرہ، قسم اس وقت کی، کٹاری، چراغ کہاں روشنی کہاں، ہار گیا انسان قابل ذکر ہیں، انہیں ان کی فنی خدمات پر متعدد ایوارڈز سے نوازا گیا۔ حکومتِ پاکستان کی طرف سے طارق عزیز کو 1992 میں حسن کارکردگی کے تمغے سے بھی نوازا گیا۔ طارق عزیز 17 جون 2020 کو انتقال کر گئے۔

عاصم اظہر نے رجب بٹ تنازعہ پر مداحوں سے معافی مانگ لی

شکریہ کہنے، بدلے میں محبت دکھانے کا مطلب یہ نہیں میرے نظریات



لاہور (یواین پی) معروف گلوکار عاصم اظہر نے یوٹیوبر رجب بٹ تنازعہ پر مداحوں سے معافی مانگ لی۔ گلوکار عاصم اظہر نے یوٹیوبر رجب بٹ کی تعریف کرنے پر انٹرنیٹ پر ملا جلا ردعمل سامنے آنے کے بعد مداحوں سے معذرت کر لی ہے۔ تنازعہ اس وقت شروع ہوا جب رجب بٹ نے انسٹاگرام پر ویڈیو شیئر کی جس کے پس منظر میں عاصم اظہر کی آواز میں گایا مشہور گانا تو ہے وہی چل رہا تھا اس کلپ میں رجب بٹ کو گانے کے بول گنگناتے اور رقص کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ کمنٹس سیکشن میں گلوکار نے گرمجوشی سے جواب دیتے ہوئے لکھا کہ شہزادہ لگ رہا ہے میرا بھائی، تھینک یو سو مچ مائی لو۔

سپورٹس SPORTS

پی سی بی کا قومی کرکٹرز کی میچ فیس میں اضافے کا فیصلہ

ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنا سینٹرل کنٹریکٹ کے لیے لازمی ہوگا، محسن نقوی

لاہور (یواین پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی کرکٹرز کی میچ فیس میں اضافے کا فیصلہ کرلیا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی تینوں فارمیٹس میں اس کا اطلاق ہوگا، ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنا سینٹرل کنٹریکٹ کے لیے لازمی ہوگا، جو کھلاڑی مقررہ معیار پر پورا نہیں اترا اُس سے معاہدہ نہیں ہو گا انہوں نے کہا کہ کنٹریکٹ کے لیے 5 کیٹیگریز متعارف کروائی جارہی ہیں، ٹی ٹوئنٹی، ون ڈے اور ٹیسٹ کرکٹ کے لیے الگ حکمت عملی مرتب کی گئی ہے۔

ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کی اکیڈمی کا قیام بہت ضروری ہے۔

خیبر پختونخوا اسپورٹس ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے نیشنل جونیئر چیمپئن شپ میں مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد خوش آئند بات ہے

سربراہ حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کی اکیڈمی کا قیام بہت ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس کہ صحت مند زندگی گزارنے کے لئے ہمیں کھیلوں کے میدان آباد کرنے ہونگے۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی نواب خان نے کہا کہ تعلیمی ادارے گراس روٹ سطح پر کھیلوں کی ترقی کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کر سکتے ہیں

☆☆☆

آئی سی سی ویمن ورلڈ کپ، ویسٹ انڈیز نے نیوزی لینڈ کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی

ساؤتھمپٹن میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز نے 163 رنز کا ہدف آخری اوور کی پانچویں گیند پر حاصل کیا

لاہور (یواین پی) ویسٹ انڈیز کی وکٹ کیپر بلے باز شیمین کیمبل نے شاندار ناقابلِ شکست 90 رنز بنا کر اپنی ٹیم کو نیوزی لینڈ کے خلاف آئی سی سی ویمن ورلڈ کپ میں سات وکٹوں سے یادگار فتح دلا دی۔ ساؤتھمپٹن میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز نے 3 6 1 رنز کا ہدف آخری اوور کی پانچویں گیند پر حاصل کیا، جو آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کی تاریخ کا دوسرا بڑا کامیاب رن چیز ہے۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 162 رنز بنائے۔

☆☆☆

بیڈمنٹن سمر تربیتی کیمپ آج سے شروع ہوگا، مطاہر سہیل

راولپنڈی (یواین پی) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی راولپنڈی کے زیراہتمام اور سپورٹس ہاؤس رحمان آباد کے تعاون سے بیڈمنٹن سمر تربیتی کیمپ آج، پیر سے شہباز سپورٹس کمپلیکس، راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی راولپنڈی کے ہیڈ کوچ مطاہر سہیل نے بتایا کہ سمر تربیتی کیمپ کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ بیڈمنٹن سمر تربیتی کیمپ میں راولپنڈی ڈویژن کے مرد، خواتین کھلاڑی اور تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات حصہ لے رہے ہیں جن میں راولپنڈی، اٹک، جہلم اور چکوال شامل ہیں۔ انہوں نےکہا کہ سمر تربیتی کیمپ میں شرکت کرنے کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی 15 جون شام پانچ بجے تک اپنے، اپنے ناموں کا اندراج وائٹس ایپ نمبر 03215354000 پر کروا سکتے ہیں۔ مطاہر سہیل نے مزید کہا کہ اس سمر تربیتی کیمپ سے سکول کالجز کے طلباء وطالبات کو سیکھنے کا موقع ملے گا اور یہ نوجوان اس دو ماہ کے بیڈمنٹن تربیتی کیمپ کے دوران فائدہ اٹھا سکتے ہیں کیونکہ یہ سمر تربیتی کیمپ تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جا رہا ہے اور اس طرح تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کے لئے سمر تربیتی کیمپ ہر سال گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جاتا ہے۔ یہ سمر تربیتی کیمپ 14 اگست تک جاری رہے گا۔

☆☆☆

تین مختلف کھیلوں کے لیول ون کوچنگ کورسز 18 جون سے کراچی میں شروع ہونگے

کورس کی تیاریاں زور وشور جاری ہیں اور کورس میں ملک بھر سے تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز

اسلام آباد (یواین پی) مختلف تین کھیلوں کے لیول ون کوچنگ کورسز 18 جون سے الفا کالج، کراچی میں شروع ہونگے۔ کورسز کا افتتاح پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر مقبول آرائیں کریں گے۔ کورس کو آرڈینیٹر عظمت پاشا نے بتایا کہ کورس کی تیاریاں زور و شور جاری ہیں اور کورس میں ملک بھر سے تعلیمی اداروں کے سپورٹس ٹیچرز، کوچز اور کھلاڑی حصہ لے سکتے ہیں۔ تین مختلف کھیلوں کے لیول ون کوچنگ کورسز 18 جون سے شروع ہونگے جن میں تھرو بال، روپ سکپنگ اور پکل بال کے کھیل شامل ہیں۔ تھرو بال کورس 18 جون کو، روپ سکپنگ کورس 19 جون کو اور پکل بال کورس 20 جون کو ہوگا۔ کورسز میں شرکت کی خواہش رکھنے والے حضرات اپنے، اپنے ناموں کی رجسٹریشن وائٹس ایپ 03013318777 پر 18 جون صبح 9 بجے سے قبل کروا سکتے ہیں کورس کے اختتام پر کورس کے شرکاء میں اسناد تقسیم کی جائیں گی۔ کورس کو شایان شان طریقے سے منعقد کروانے کے لئے 6 رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جن میں عظمت پاشا، شرق صدیقی، فیصل ظفر، ماجد رسول، میڈم نجمہ غیاث اور سید خضر شامل ہیں۔ یہ کورسز الفا کالج کراچی کے تعاون سے، پاکستان تھرو بال فیڈریشن، پاکستان روپ سکپنگ فیڈریشن اور پاکستان پکل بال فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقد ہونگے۔

☆☆☆

راولپنڈی، کرکٹ کے فروغ اور تنظیمی امور کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف کمیٹیاں تشکیل

راولپنڈی (یواین پی) راولپنڈی ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن (آر ڈی سی اے) کی نو منتخب باڈی نے کرکٹ کے فروغ اور تنظیمی امور کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں۔ آر ڈی سی اے کے سیکرٹری ذوالفقار علی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن کی بہتری، کرکٹ کے فروغ اور انتظامی امور کو احسن انداز میں چلانے کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2 جون کو منعقدہ ایگزیکٹو باڈی کے اجلاس میں مختلف کمیٹیوں کی منظوری دی گئی جن میں ایڈوائزری کونسل، ڈسپلن کمیٹی، ٹورنامنٹ کمیٹی، جونیئر ٹورنامنٹ کمیٹی اور امپائر اینڈ سکورنگ کمیٹی شامل ہیں۔ ذوالفقار علی نے کہا کہ ایڈوائزری کونسل میں آصف ظہیر کو چیئرمین جبکہ راجہ نزاکت کو وائس پریذیڈنٹ مقرر کیا گیا ہے، دیگر اراکین میں جہانگیر اختر، پروفیسر توقیر احمد، ملک محمد ریاض، قیصر ستی، ارشد علی اور سدیر شاہ شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسپلن کمیٹی کے چیئرمین نوید مشتاق عباسی جبکہ سیکرٹری ذوالفقار علی ہوں گے۔

☆☆☆

فٹبال ورلڈ کپ 2026 کا جوش بلوچستان پہنچ گیا

ساحل پر ریت پر بنی تصاویر کے ذریعے فٹبال سے محبت کا منفرد اظہار سوشل میڈیا پر وائرل

گڈانی (این ای این) گڈانی کے ساحل پر فیفا ورلڈ کپ ٹرافی اور آفیشل لوگو کی شاندار ریتیلی تصاویر توجہ کا مرکز بن گئیں۔ فنکار سمیر شوکت اور ان کی ٹیم نے ریت پر فٹبال ورلڈ کپ کی شاندار تصویر بنا کر دل جیت لیے، گڈانی کے ساحل پر ریت پر بنی تصاویر کے ذریعے فٹبال سے محبت کا منفرد اظہار سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ نوجوان فنکار کا کہنا تھا کہ اس آرٹ نے میری اور بلوچستان کے عوام کی فیفا ورلڈ کپ سے محبت کو دنیا کے سامنے پیش کر دیا، انہوں نے بلوچستان میں فٹبال کے بڑھتے جنون کے باعث بہتر سہولیات اور حکومتی سرپرستی کا بھی مطالبہ کیا۔ کوئٹہ سے مکران تک پسندیدہ کھیل فٹبال کے ذریعے نوجوان عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

ئن کے تحت حج پالیسی 2027 رواں سال جون میں ہی وفاقی کابینہ میں پیش کر دی جائے گی جس میں پہلے آؤ، پہلے پاؤ کی پالیسی برقرار رہے گی، اگلے دو ماہ میں نئے حج کی بکنگ مکمل ہونے کا امکان ہے، حج2027 کے خواہشمند عازمین اپنے پاسپورٹ فوری تیار کروالیں، حج ایک مشترکہ ذمہ داری ہوتی ہے جس پر سیاست یا پوائنٹ سکورنگ نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 2

حتجاج کا مقصد عمران خان کے بنیادی انسانی اور قانونی حقوق کی فراہمی کے لیے حکومت پر دباؤ بڑھانا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے درخواست کی تھی کہ اگر اڈیالہ جیل کے باہر ہونے والے اس اجتماع کے لیے وقت کا ایک باقاعدہ فریم ورک طے کر لیا جائے، تو پارٹی جیل کے باہر 10 ہزار سے زائد کارکنوں اور عوام کو متحرک کر سکتی ہے، ہم نے پی ٹی آئی کی اس تجویز کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے ان کی درخواست کو تسلیم کر لیا ہے۔عمران خان کی ہمشیرہ نے بتایا کہ اب طے شدہ پروگرام کے تحت 16 جون بروز منگل دوپہر 3 بجے سے شام 7 بجے تک اڈیالہ جیل کے باہر ایک مضبوط اور پرامن عوامی طاقت کا مظاہرہ کیا جائے گا، اس احتجاج کے پیچھے کوئی سیاسی مقاصد یا توڑ پھوڑ نہیں بلکہ خالصتاً قانونی اور انسانی بنیادیں شامل ہیں، اڈیالہ جیل کے باہر 10 ہزار سے زائد لوگوں کا یہ مضبوط اجتماع حکومت اور جیل انتظامیہ پر وہ ضروری دباؤ پیدا کرے گا جس سے عمران خان کی جیل میں جاری طویل تنہائی کو ختم کیا جا سکے۔علیمہ خان نے انکشاف کیا کہ اس وقت عمران خان کی آنکھوں کی حالت تشویشناک ہے اور ان کا فوری معائنہ ضروری ہے، پی ٹی آئی کا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو اسلام آباد کے معروف شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے، جہاں ان کے اہل خانہ اور ذاتی معالج کی موجودگی میں ان کی آنکھوں کا تفصیلی معائنہ اور مناسب علاج یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے اپنے بیان کے آخر میں دنیا بھر کے انسانی حقوق کے اداروں اور ملکی عدالتوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایک سابق وزیراعظم اور ملک کے سب سے مقبول سیاسی قیدی کے بنیادی حقوق کا احترام کیا جانا چاہیئے، صحت کی سہولیات کی فراہمی اور خاندان تک رسائی کسی بھی قیدی کا بنیادی قانونی حق ہے، جس سے عمران خان کو محروم رکھا جا رہا ہے، اس لیے منگل کا یہ اجتماع اس ناانصافی کے خلاف لوہے کی دیوار ثابت ہوگا۔

بقیہ 3

محدود ہوگا، مثال کے طور پر اگر کسی ملازم کی تنخواہ ڈھائی لاکھ روپے ہے اور اس میں معمولی اضافہ ہوتا ہے تو وہ اگلے ٹیکس بریکٹ میں چلا جاتا ہے، جس سے اس کا فائدہ کم ہو جاتا ہے اس کے باوجود یہ اقدام ایک مثبت پیشرفت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان گزشتہ چار برس سے چار فیصد معاشی شرح نمو بھی حاصل نہیں کر سکا، جو ملکی تاریخ میں غیر معمولی صورتحال ہے۔ضرورت اس امر کی تھی کہ ایسی پالیسیاں متعارف کرائی جاتیں جو معیشت کو متحرک کرتیں، برآمدات میں اضافہ کرتیں، روزگار کے مواقع پیدا کرتیں اور معاشی نمو کو فروغ دیتیں۔

بقیہ 4

نے انتظامی سختی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پرچی کاؤنٹر کے عملے کو دوٹوک ہدایات جاری کیں کہ ب۔فارم یا شناختی کارڈ کی عدم دستیابی کو بنیاد بنا کر کسی بھی مریض، بالخصوص معصوم بچوں کو علاج سے محروم کرنا قطعی طور پر ناقابل برداشت ہے۔ایم ایس نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں مفت اور معیاری علاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ہم 'زیرو ٹالرنس' پالیسی پر عمل پیرا ہیں؛ کسی بھی سطح پر لاپرواہی، غفلت یا غیر پیشہ ورانہ رویہ برتنے والے ملازم کی ہسپتال میں کوئی جگہ نہیں۔ ہمارا مقصد ہر آنے والے سائل کو ترجیحی بنیادوں پر فوری ریلیف فراہم کرنا ہے تاکہ بروقت علاج سے انسانی جانوں کا تحفظ کیا جا سکے۔ ڈاکٹر مرزا عمر فاروق نے عوام کو یقین دلایا کہ ہسپتال کے دروازے ہر ضرورت مند کے لیے کھلے ہیں اور وہ خود تمام معاملات کی نگرانی کر رہے ہیں تا کہ مستقبل میں ایسے کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا سدِ باب کیا جا سکے۔

بقیہ 5

، آئینی اور پرامن ذرائع سے نکالا جانا چاہیے، پارلیمان اور سیاسی عمل ایسے مسائل کو حل کرنے کے مناسب فورمز ہیں، ہم سیاسی حل کے حصول کے لیے پرعزم ہیں۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن سے قبل از وقت انتخابی شیڈول واپس لینے کا مطالبہ کر چکے ہیں زیر التوا شکایات کے ازالے کے لیے ٹروتھ اینڈ ریکنسلی ایشن کمیشن قائم کرنے کی کوشش کریں گے، معاملات کو منصفانہ انجام تک پہنچانے کے لیے کمیشن قائم کرنے کی کوشش کریں گے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ آزاد کشمیر میں جاری بے چینی کشمیر کاز اور پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہی ہے، صورت حال دشمن عناصر، بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ کو فائدہ اٹھانے کا غیر ضروری موقع فراہم کر رہی ہے، تمام مظاہرین سے اپیل کرتا ہوں احتجاج کو پرامن طور پر ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کو اپنے ہاتھ لینے والے افراد خود کو مقامی حکام کے حوالے کریں، قانونی عمل کو اپنا راستہ اختیار کرنے دیں، کشمیر کے عوام کو احتجاج، محاذ آرائی، غیر یقینی صورت حال سے نہیں گزرنا چاہیے، وفاق، تمام فریق متفق ہوں تو آزاد کشمیر حکومت احتجاج کرنے والی جماعتوں سے متعلق نوٹیفکیشنز کا جائزہ لے سکتی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے، غیر قانونی اقدامات میں ملوث افراد کو جوابدہ ٹھہرانے کے معاملے میں سمجھوتا نہیں ہو سکتا، ہم پرعزم ہیں کہ جن افراد نے غلط نہیں کیا انہیں دوسروں کے اقدامات کے نتائج نہ بھگتنا پڑیں۔

بقیہ 6

ل پنجاب خوشحال پروگرام" کے تحت قلعہ کالروالا بدوملہی روڈ کی بحالی و مرمت کے کام کے افتتاح پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں ہر طرف تعمیر و ترقی نظر آ رہی ہے، 4 سال بر سر اقتدار رہنے والوں نے اپنے دور میں کیا کیا؟۔تبدیلی کا مہاتما آج اڈیالہ جیل کے اسی سیل میں قید ہے جہاں انہوں نے اپنے دور میں مجھے رکھا ہوا تھا، اڈیالہ میں دیسی مرغ کھانے اور سوپ پینے کے بعد بھی اس کی چیخیں نکل رہی ہیں۔ امریکی کانگریس کے ممبران سے عافیہ صدیقی کی رہائی اور کشمیر کی آزادی کی بجائے اپنی رہائی کیلئے دستخط کروا رہا ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ اسلام آباد میں پولیس اور رینجرز کا قتل عام ہوا ہے، کون سی سیاسی جماعت ہے جو آنسو گیس اور جدید ہتھیاروں سے لیس ہو کر پولیس پر حملہ آور ہوتی ہے۔2014 میں بھی دھرنا اور سول نافرمانی کی کال دی تھی اور پاکستان کے پاسپورٹ کو جلایا گیا تھا اور آج بھی یہ اپنے تخریبی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی والے چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ کرے، جس شخص نے کبھی یونین کونسل نہیں چلائی 2018 میں کچھ ججوں اور جرنیلوں نے اپنے بچوں کے کہنے پر اسے ملک پر مسلط کیا، اپنی نااہلی کی وجہ سے اس نے پاکستان کی معیشت کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی، 12 جماعتوں نے مل کر جب حکومت سنبھالی تو ہمیں مشکل ترین فیصلے کرنے پڑے، ہمیں اپنی سیاست سے زیادہ ریاست عزیز ہے، عمران خان نے آئی ایم ایف کے ساتھ جو معاہدے کیے اس کے نتیجے میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کو مہنگا کرنا پڑا۔اس مہنگائی کی لہر سے لوگ صبر سے گزرے اور

بقیہ 11

کوئی احتجاج نہیں ہوا کیونکہ لوگوں کو علم تھا کہ اس کڑوی گولی کا ذمے دار وہ شخص ہے جو پاکستان کو بیماری میں مبتلا کر کے گیا ہے۔انہوں نے کہا آج ہماری اسٹاک مارکیٹ بہتر انداز میں کام کر رہی ہے، آج سرمایہ داروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہو رہا ہے، ترقی کیلئے پاکستان کی دھرتی کو امن سکون اور استحکام دینا ہوگا، یہ جماعت فسادی اور انتشاری ٹولے کے ہاتھوں یرغمال بن چکی ہے، ان کے پیچھے موجود اسرائیلی لابی چاہتی ہے کہ دنیا کی توجہ فلسطین سے ہٹ کر پاکستان پر لگ جائے، یہ پاکستان سے دوستی کی بجائے دشمنی کر رہے ہیں، ہم نے پاکستان کے نوجوانوں کو گالی گلوچ کی بجائے کمپیوٹر اور آئی ٹی کی تعلیم دینی ہے، پی ٹی آئی نے اپنے دور میں نارووال میں کون سا تعلیم کا منصوبہ لگایا اور کون سا ترقیاتی منصوبہ بنایا۔

بقیہ 7

ھے چار کلومیٹر طویل ہے، دو طرفہ اور تین رویہ جدید ترین انفراسٹرکچر پر مشتمل ہے۔کلمہ چوک کو والٹن سے ملانے والی اس جدید سڑک کا نام روٹ 471947 کی جدوجہد آزادی کی یاد کو لاہوریوں کے روزمرہ کا حصہ بنانے کے لئے رکھا گیا ہے۔سی بی ڈی روٹ 47 سے گلبرگ سے والٹن تک کا سفر چند منٹوں میں ممکن ہے۔اس کی خاص بات دونوں اطراف کا لینڈ سکیپ ہے۔ دوسری خاص بات سسٹینیبل ترقی کے تمام جدید انتظامات کا ایک جگہ یکجا کیا جانا ہے۔اس ہیزرڈ فری سڑک پر ماحول دوست بجلی بھی بنتی ہے۔ یہ رین واٹر سٹوریج بھی ہے۔روٹ 47 پر تقریباً 5.2 کلومیٹر طویل سائیکل سواروں کے لئے لین بھی مخصوص ہے۔ والٹن ریلوے کراسنگ فلائی اوور پر پیدل اور سائیکل سواروں کے لئے بھی علیحدہ واک وے مخصوص کیا گیا ہے۔ والٹن ریلوے کراسنگ فلائی اوور پر 912 میگا واٹ پر نصب سولر پینل سے ایک میگا واٹ بجلی کی پیداوار ممکن ہوگی۔روٹ 47 شاہراہ کے ساتھ بارش کے 50 لاکھ گیلن پانی کو ذخیرہ کرنے کے لئے مصنوعی جھیل بنائی گئی، خوبصورتی کے لیے فوارے اور اریگیشن سسٹم نصب کیے گئے ہیں۔روٹ 47 شاہراہ کی شناخت کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف مونیومنٹس ایستادہ کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ روٹ 47 پنجاب کے روشن اور پائیدار مستقبل کی جانب ایک اور نمایاں اقدام ہے۔ صرف ایک سڑک نہیں بلکہ پنجاب میں سمارٹ ترقی کی ایک نئی داستان ہے۔

بقیہ 8

کی تمام تحصیلوں میں جلوسوں کے روٹس، امام بارگاہوں، مجالس کے مقامات اور ملحقہ علاقوں میں خصوصی صفائی آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی و سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر صفائی عملہ، مشینری اور فیلڈ سپروائزری ٹیمیں متحرک ہیں تا کہ عزاداران کو صاف ستھرا اور بہترین ماحول فراہم کیا جا سکے۔اس خصوصی صفائی مہم کے تحت راولپنڈی شہر، گوجرخان، کہوٹہ، کلرسیداں، ٹیکسلا کی تحصیلوں میں امام بارگاہوں، مرکزی و ذیلی جلوسوں کے روٹس، مجالس کے مقامات، داخلی و خارجی راستوں اور عوامی مقامات کی صفائی، دھلائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی اور نالوں و ڈرینوں کی صفائی کا عمل جاری ہے۔اس کے علاوہ جلوسوں کے راستوں پر اضافی ویسٹ کنٹینرز، ویسٹ بیگز اور صفائی عملہ تعینات کیا جا رہا ہے تا کہ کسی بھی قسم کا کچرا فوری طور پر ٹھکانے لگایا جا سکے۔ستھرا پنجاب ایجنسی کی ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ مانیٹرنگ کر رہی ہیں جبکہ صفائی آپریشن کی نگرانی کے لیے خصوصی کنٹرول میکنزم بھی قائم کیا گیا ہے۔ تمام تحصیلوں میں جلوسوں کے روٹس کی واشنگ، جھاڑو اور صفائی کے ساتھ ساتھ عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اضافی افرادی قوت بھی تعینات کی گئی ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی و سی ای او راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران عزاداران کو صاف، محفوظ اور صحت مند ماحول کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع راولپنڈی کی تمام تحصیلوں میں خصوصی صفائی پلان پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے اور جلوسوں و مجالس کے انعقاد سے قبل، دوران اور بعد میں صفائی کے مؤثر انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔رانا ساجد صفدر نے کہا کہ صفائی آپریشن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ افسران و عملہ فیلڈ میں موجود رہ کر فرائض انجام دے رہا ہے۔انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران صفائی برقرار رکھنے میں اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور کچرا مقررہ مقامات پر ہی تلف کریں تاکہ محرم کے دوران بہترین صفائی کا ماحول برقرار رکھا جا سکے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی اور راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محرم الحرام اور یوم عاشور کے دوران صفائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گی اور عزاداران کو بہترین شہری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 9

چھوٹے تاجروں کے لیے فکسڈ ٹیکس سکیم کے نفاذ کیلئے غیر معمولی اقدامات اٹھانا ہوں گے۔وہ ٹیکس بار کے ممبران کے وفد سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر صدر زوہیب الرحمٰن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدور واصف علی شیخ، تابش علی جاوید، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمٰن زبیری اور جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن سمیت دیگر بھی موجود تھے۔حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا کہ لاکھوں تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لا کر سالانہ اربوں روپے اضافی ریونیو حاصل کیا جا سکتا ہے تاہم اس کے لیے جامع سروے، آسان رجسٹریشن، شفاف نظام اور مؤثر عملدرآمد ناگزیر ہے۔ماضی کی ٹیکس سکیموں کے نتائج عوام کے سامنے نہیں لائے گئے اس لیے نئی سکیم کی کامیابی کے لیے واضح پالیسی اور عملی روڈ میپ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اگر مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کی ڈیجیٹل میپنگ، جیو ٹیگنگ اور فیلڈ سروے کے ذریعے رجسٹریشن کا نظام قائم کرے تو سالانہ اربوں روپے کا ریونیو کا ہدف حاصل کیا جا سکتا ہے۔ قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے زور دیا کہ ٹیکس اصلاحات کی کامیابی صرف اعلانات سے نہیں بلکہ شفاف، منصفانہ اور قابل عمل اقدامات سے ممکن ہے۔اگر لاہور کے دس ٹاؤنز کا سروے کرالیں تو پچاس ارب کی بجائے چار گنا زیادہ ریونیو اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 10

کے سینئر رہنماء صوبائی حلقہ پی پی 175 حاجی نواز احمد گڈو جلیانوی اپنے ڈیرے پر ملنے والے وفود اور میڈیا سے کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ امن معاہدے کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے پیش رفت پہلے سے کہیں زیادہ قریب ہے، اس موقع پر ایک سوال پر کہا کہ 10 مئی کو فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت اور وزیراعظم میاں شہباز شریف، اور مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کی آشیر باد سے ازلی دشمن بھارت کے آپریشن سندور کی پاک فضائیہ نے جو دھجیاں اڑائی تھیں دنیا حیران پریشان پاکستان کی دفاعی قوت بمثال اور پاک فضائی کی جرآت اور بہادری کو سلام پیش کرنے پر مجبور ہوئے آج اسی کے ثمرات ہیں کہ امریکہ ایران تاریخی امن معاہدہ پاکستان اسلام آباد کے نام پر تحریر ہوگا ،اللہ تعالی ہماری قیادت اور پاکستان کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

پاکستان کو سہولت برقرار رکھنے کے لیے 32 عالمی کنونشنز پر عملدرآمد کرنا ہوگا، نئے فریم ورک میں پہلے کے 27 معاہدوں کے مقابلے میں پانچ نئے عالمی کنونشنز بھی شامل کیے گئے ہیں۔ پنجاب حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کو عالمی ماحولیاتی تقاضوں اور پائیدار ترقی کے اہداف سے ہم آہنگ کرنے کی تیاری شروع کر دی ہے، اس سلسلے میں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق منصوبے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ پیرس معاہدے کے تحت ستمبر 2026 سے جون 2027 تک موسمیاتی منصوبوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کو بھی مالی سال 2026-27 کے ترقیاتی منصوبوں کا حصہ بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ روڈ میپ کے مطابق ترقیاتی اسکیموں کی منظوری کے دوران جنگلی حیات اور حیاتیاتی تنوع پر ممکنہ اثرات کا جائزہ لینا بھی لازمی قرار دینے کی سفارش کی گئی ہے، اس کے علاوہ توانائی بچت، ماحول دوست انفراسٹرکچر اور مونٹریال پروٹوکول کے تحت توانائی مؤثر منصوبوں کو فروغ دینے پر بھی توجہ دی جائے گی۔ حکومت نے صوبے میں ویسٹ مینجمنٹ انفراسٹرکچر کو ترقیاتی ترجیحات میں شامل کرنے، صنعتی فضلے اور کچرے سے متعلق منصوبوں کی جانچ میں نئے ماحولیاتی معیارات اپنانے اور زرعی ترقیاتی اسکیموں میں بائیو سیفٹی اصولوں پر عملدرآمد کا ہدف بھی مقرر کیا ہے۔ دستاویز کے مطابق صنعتی اور زرعی شعبوں میں ماحول دوست سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، جبکہ غیر ملکی معاونت سے چلنے والے منصوبوں کو جی ایس پی پلس ترجیحات سے ہم آہنگ بنانے کے لیے 2026 سے 2028 تک کا خصوصی روڈ میپ تیار کیا گیا ہے۔ پی اینڈ ڈی بورڈ کو جی ایس پی پلس فوکل پرسن نامزد کرنے اور تمام متعلقہ محکموں سے قانونی عملدرآمد اور کارکردگی سے متعلق اعداد و شمار فوری طور پر حاصل کرنے کی بھی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یورپی یونین کی تین سالہ مانیٹرنگ کے دوران پلان آف ایکشن پر پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا، جبکہ پنجاب کا حتمی جی ایس پی پلس پلان صوبائی منظوری کے بعد وفاقی حکومت کو ارسال کیا جائے گا۔ نئے جی ایس پی پلس نظام میں ماحولیات، انسانی حقوق، لیبر قوانین اور گورننس سے متعلق عالمی تقاضے مزید سخت کر دیے گئے ہیں جبکہ پاکستان کو 31 دسمبر 2028 تک جی ایس پی پلس کے اگلے مرحلے کے لیے نئی درخواست جمع کرانا ہوگی۔ حکام کے مطابق یورپی منڈی تک ترجیحی رسائی برقرار رکھنے کے لیے تمام صوبائی محکموں کو متحرک کر دیا گیا ہے اور آئندہ مرحلے میں ترقیاتی منصوبہ بندی، ماحولیات اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

بقیہ 12

وہاں کے عوام کے مطالبات کو خوش اسلوبی اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے اور ملکی حالات کے پیش نظر معاملات کو سختی سے نمٹانے کے بجائے مذاکرات سے سلجھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورہ؟ سندھ کا مقصد مختلف اضلاع میں منعقد ہونے والے شہادت سیدنا عثمان غنیؓ، شہادت سیدنا عمر فاروقؓ اور شہادت سیدنا امام حسینؓ کے حوالے سے جلسوں، جلوسوں، سیمینارز اور کانفرنسوں میں شرکت کرنا اور صحابہ کرامؓ و اہل بیت عظامؓ کے تذکرے کو عام کرنا ہے۔ انہوں نے سندھ حکومت اور حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ خلفائے راشدینؓ کے ایام وفات و شہادت کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کرتے ہوئے انہیں سرکاری سطح پر منایا جائے۔ محرم الحرام کے دوران امن و امان کے حوالے سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یکم سے دس محرم الحرام تک عشرہ؟ فاروق و حسین تمام مسلمانوں کو باہمی اتحاد اور یکجہتی کے ساتھ منانا چاہیے تاکہ ملک میں امن و بھائی چارے کو فروغ ملے اور عالمِ اسلام کو پاکستان کی جانب سے اتحاد کا مثبت پیغام دیا جا سکے۔

بقیہ 13

۔پولیس کے مطابق واقعہ تھانہ ڈومیل کی حدود میں اودین کلہ کے مقام پر پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر جائیداد کے تنازعہ پر چچا زاد ملزمان نے فائرنگ کرکے باپ اور تین بیٹوں کو قتل کر دیا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور نعشوں کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ضروری قانونی کارروائی اور دیگر مراحل مکمل کئے جا رہے ہیں۔واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 14

کیا جاتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آسرا خلق ویلفیئر ایسوسی ایشن کے پہلا کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رکن پنجاب اسمبلی ملک شہباز کھوکھر، آسرا خلق ویلفیئر ایسوسی ایشن کی صدر آمنہ رضوی، ڈائریکٹر غلام حیدر، چیئرمین بالی ویلفیئر ٹرسٹ لیلیٰ نصرت، چیئرپرسن جہاں آراء میموریل ٹرسٹ زرین عارف اعجاز اور دیگر بھی موجود تھے۔سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ یہ تنظیم کئی طرح کے منصوبے نہایت کامیابی سے چلا رہی ہے، اس ادارے کو ہر طرح سے تعاون فراہم کریں گے تا کہ لوگوں کی خدمت کا دائرہ مزید وسیع ہو سکے۔ ہمارے معاشرے کو آسرا خلق ویلفیئر فاؤنڈیشن جیسے بہت سارے اداروں کی ضرورت ہے۔رکن اسمبلی ملک شہباز کھوکھر نے کہا کہ آمنہ رضوی کا لگایا ہوا پودا آج تناور درخت بن چکا ہے، اسے آپ لوگوں کے مزید تعاون کی ضرورت ہے۔ آسرا خلق ویلفیئر فاؤنڈیشن صحرائی علاقوں میں پینے کا صاف پانی مفت مہیا کر رہی ہے، غریبوں کو مفت ووکیشنل ٹریننگ کورسز کروا رہی ہے۔ ہر سال قربانی کا گوشت غریبوں تک پہنچانے کا انتظام کرتی ہے، حقداروں کیلئے مفت کھانے کا انتظام کرتی ہے، مستحق بچوں کو مفت تعلیم فراہم کرتی ہے، یہ ایسی مثبت سرگرمیاں ہیں جس سے معاشرے میں پسے ہوئے طبقات مستفید ہوتے ہیں۔ کانووکیشن میں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبہ کو انعامات اور شیلڈز سے نوازا گیا۔

بقیہ 15

خدمات ان کی دہلیز تک پہنچانا ہے۔ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق اب شہری دستک ایپ کے ذریعے گھر بیٹھے ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق مختلف خدمات حاصل کر سکیں گے۔نئی سہولت کے تحت لرنر ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے درخواست آن لائن جمع کرائی جا سکتی ہے، جبکہ پہلے سے موجود لائسنس کی تجدید بھی موبائل ایپ کے ذریعے ممکن ہوگی۔ حکام کا کہنا ہے کہ اگر کسی شہری کا لائسنس گم ہو جائے یا خراب ہو جائے تو وہ ڈپلیکیٹ لائسنس کے حصول کیلئے بھی آن لائن درخواست دے سکے گا۔اس کے علاوہ بیرون ملک سفر کرنے والے افراد بین الاقوامی ڈرائیونگ لائسنس کیلئے بھی دستک ایپ کے ذریعے درخواست جمع کرا سکیں گے۔ ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق لرنر ڈرائیونگ لائسنس کی فیس 500 روپے فی کیٹیگری مقرر کی گئی ہے، جبکہ تجدید اور ڈپلیکیٹ لائسنس کی فیس متعلقہ گاڑی یا موٹر سائیکل کی کیٹیگری کے مطابق سرکاری قواعد کے تحت وصول کی جائے گی۔ واضح رہے کہ دستک ایپلی کیشن پلے اسٹور سے آسانی سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے، ایپ میں موٹر سائیکل، کار، جیپ، ایل ٹی وی اور ایچ ٹی وی سمیت مختلف کیٹیگریز کے لائسنس سے متعلق معلومات اور سہولیات دستیاب ہیں۔ کسی بھی قسم کی رہنمائی یا اضافی معلومات کیلئے ٹریفک پولیس پنجاب کی سرکاری ویب سائٹ یا متعلقہ ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدام ای گورننس کے فروغ اور عوامی خدمات کو مزید مؤثر بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 16

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین ن لیگی اور پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے ہیں اور آج متاثری وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، مسلم لیگ کے قائد میاں نواز شریف، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، بلاول بھٹو سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری نرخ نامہ صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہو کر رہ گیا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ ایل پی جی کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے اور من مانی قیمتوں پر گیس فروخت کرنے والوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہیں کی جا رہی، شہریوں کے مطابق جہاں اوگرا کی جانب سے ایل پی جی کی فی کلو مقررہ قیمت 308 روپے رکھی گئی ہے، وہیں شہر کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی 560 روپے سے 660 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے، انکا کہنا ہے کہ کسی بھی علاقے میں سرکاری نرخ پر ایل پی جی دستیاب نہیں اور دکاندار اپنی مرضی سے قیمتیں مقرر کر رہے ہیں، سراپا احتجاج متاثرہ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ ایل پی جی فروش روزانہ کی بنیاد پر 20 سے 30 روپے فی کلو تک قیمت بڑھا دیتے ہیں، جس کے باعث گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے، راؤف احمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں وہ پہلے ہی شدید مالی دباؤ کا شکار ہیں اور اب مہنگی ایل پی جی سے کرائیوں میں اضافہ مسافروں سے لڑائی جھگڑا معمول اور مزید مشکلات بڑھا دی گئیں ہیں۔

بقیہ 17

شہری عدیل احمد اپنی اہلیہ ڈاکٹر سدرہ، بیٹے عفان اور 9 سالہ بیٹی ہانیہ احمد کے ہمراہ فریضہ حج ادا کرنے کے بعد محض دو دن قبل ہی خوشی خوشی پاکستان پہنچے تھے، تاہم چکوال کی حدود میں سی سی ڈی اہلکاروں کی جانب سے ڈاکو سمجھ کر گاڑی پر فائرنگ کر کے اس خاندان کی خوشیوں کو ماتم میں بدل دیا گیا، فائرنگ کے نتیجے میں 9 سالہ آسٹریلوی شہری ہانیہ احمد موقع پر ہی دم توڑ گئی، جبکہ اس کا معصوم بھائی اور والد شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ آسٹریلیا میں آباد پاکستانی کمیونٹی اپنی اس معصوم بچی کے قتل اور خاندان پر ہونے والے ظلم پر شدید صدمے اور سوگ میں مبتلا ہے، آسٹریلیا کی حکومت نے اپنی 9 سالہ شہری ہانیہ احمد کے بے دردی سے قتل اور اس کے خاندان کے دیگر ارکان کو شدید زخمی کیے جانے کے واقعے کا انتہائی سخت نوٹس لے لیا ہے اور کینبرا میں موجود حکام اس معاملے پر پاکستانی وزارت خارجہ سے رابطے میں ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ سی سی ڈی نے اس سنگین جرم اور عالمی دباؤ سے جان چھڑانے کے لیے فوری طور پر اپنے ہی ایک ماتحت اہلکار کی گرفتاری ڈال دی ہے تا کہ ہائی پروفائل افسران یا محکمہ کو بدنامی سے بچایا جا سکے، دوسری جانب ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے اس واقعے کو انتہائی افسوس ناک اور وحشیانہ قرار دیا، ان کا کہنا ہے کہ واقعے کی گہرائی سے انکوائری کی جا رہی ہے اور جیسے ہی تمام حقائق اور شواہد سامنے آئیں گے، اس ہولناک جرم کے اصل ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق عبرت ناک کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 18

خون کا عطیہ کرنے والے نیک عمل سے وابستہ ہر فرد کو سلام پیش کرتے ہیں، رضاکارانہ طور پر بلڈ ڈونیشن کرنے والے کسی ایک فرد یا خاندان نہیں بلکہ پورے معاشرے کے محسن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی ویب سائٹ یا قریبی پولیس خدمت مرکز پر بھی بطور ڈونر رجسٹریشن کرائی جا سکتی ہے، پنجاب کو پاکستان کا پہلا باقاعدہ ورچوئل بلڈ بینک قائم کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے 4 کا بٹن دبانے سے ورچوئل بلڈ بینک سے رابطہ ممکن ہے، ورچوئل بلڈ بینک کے ذریعے ضرورت مند مریض کا رابطہ ڈونر سے ممکن ہوتا ہے۔مریم نواز شریف نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے مطابق محفوظ خون کی فراہمی صحت کے مضبوط نظام کا ایک لازمی حصہ ہے

بقیہ 19

نے موقع پر پہنچ کر تمام تر شواہد اکٹھے کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 20

طور پر بجلی کے بل ادا کریں اور اس سلسلے میں آخری تاریخ کا انتظار ہر گز نہ کریں اور اس سلسلے میں آئیسکو کے ساتھ تعاون کر کے ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں مزید معلومات کے لئے آئیسکو کے قریبی دفاتر یا ہیلپ لائن نمبر 118 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 21

ایکوٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) میں دوبارہ شامل ہونے کی فیس کمپنیوں کے لیے 20 ہزار روپے سے بڑھا کر ایک لاکھ روپے کر دی گئی ہے جبکہ ایسوسی ایشن آف پرسنز کے لیے یہ رقم 10 ہزار سے بڑھا کر 50 ہزار روپے اور انفرادی ٹیکس دہندگان کے لیے ایک ہزار سے بڑھا کر 25 ہزار روپے مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔اس اقدام کا مقصد ٹیکس قوانین پر عمل درآمد بہتر بنانا بتایا گیا ہے، تاہم اس سے چھوٹے ٹیکس دہندگان پر مالی بوجھ بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔فنانس بل میں آڈٹ کے دوران ریکارڈ فراہم نہ کرنے پر جرمانوں میں بھی نمایاں اضافہ کیا گیا ہے، اس ضمن میں 25 ہزار، 50 ہزار اور ایک لاکھ روپے کے جرمانے بڑھا کر بالترتیب ایک لاکھ، دو لاکھ اور تین لاکھ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کرنے پر جرمانہ بھی 25 ہزار روپے یا ٹیکس کی کمی کے 100 فیصد سے بڑھا کر 5 لاکھ روپے یا ٹیکس کی کمی کے 100 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے اسی طرح آمدنی چھپانے یا غلط تفصیلات جمع کرانے پر جرمانہ دس گنا بڑھا کر ایک لاکھ روپے سے ایک کروڑ نہیں بلکہ 10 لاکھ روپے کر دیا گیا ہے جبکہ ٹیکس چوری سے متعلق موجودہ قانونی دفعات بھی برقرار رہیں گی۔وہ ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی یا وصولی نہ کرنے پر جرمانہ 40 ہزار روپے سے بڑھا کر 5 لاکھ روپے تجویز کیا گیا ہے، اگر خلاف ورزی کسی کمپنی کی جانب سے ہو تو کمپنی کے ذمہ دار افسران پر بھی ذاتی حیثیت میں 5 لاکھ روپے تک اضافی جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔فنانس بل میں ود ہولڈنگ ٹیکس کریڈٹس کے غلط استعمال کی روک تھام کے لیے بھی نئی شقیں شامل کی گئی ہیں جن کے تحت ناجائز طور پر حاصل کیے گئے اضافی کریڈٹ کے برابر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔سیلز ٹیکس کے شعبے میں بھی جرمانوں میں نمایاں اضافہ تجویز کیا گیا ہے، ریٹرن دیر سے جمع کرانے پر مقررہ جرمانہ 10 ہزار روپے سے بڑھا کر 50 ہزار روپے کر دیا گیا ہے، جبکہ مقررہ تاریخ کے بعد 10 دن کے اندر ریٹرن جمع کرانے کی صورت میں یومیہ جرمانہ 200 روپے سے بڑھا کر 2 ہزار روپے کرنے کی تجویز ہے۔اسی طرح بعض دیگر خلاف ورزیوں پر جرمانہ 5 ہزار روپے یا متعلقہ ٹیکس کے 3 فیصد سے بڑھا کر 25 ہزار روپے یا ٹیکس کے 5 فیصد کر دیا گیا ہے، ایک اور شق کے تحت جرمانہ 10 ہزار روپے یا ٹیکس کے 5 فیصد سے بڑھا کر 50 ہزار روپے یا ٹیکس کے 10 فیصد تجویز کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بعض دیگر خلاف ورزیوں پر مقررہ جرمانہ 10 ہزار روپے سے بڑھا کر 50 ہزار روپے کر دیا گیا ہے، جبکہ مقررہ مدت کے اندر مسلسل خلاف ورزی کی صورت میں یومیہ جرمانہ 500 روپے سے بڑھا کر 5 ہزار روپے تجویز کیا گیا ہے۔حکومت نے مسلسل ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھی سخت اقدامات تجویز کیے ہیں، موجودہ قانون کے تحت دو ماہ تک مسلسل خلاف ورزی کی صورت میں ایک ملین روپے تک جرمانہ اور کاروباری مراکز سیل کیے جا سکتے ہیں، جبکہ نئے اقدامات کے تحت ایسے معاملات میں مزید سخت کارروائی کی راہ ہموار کی گئی ہے۔

بقیہ 22

کی سربراہی کریں گے۔ کمیٹی اہم معاشی اعداد و شمار کا جائزہ لے کر شرح سود کے حوالے سے فیصلہ کرے گی۔اسٹیٹ بینک کی جانب سے پریس ریلیز کے ذریعے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے فیصلوں کا اعلان کیا جائے گا۔رواں مالی سال کا مانیٹری پالیسی کمیٹی کا یہ آخری اجلاس ہوگا۔

بقیہ 23

میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے، موسم کا احوال بتانے والوں کے مطابق لاہور کا موسم گرم اور خشک رہے گا، شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 27، زیادہ سے زیادہ 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے جبکہ موجودہ درجہ حرارت 29 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں بادل برسنے کے کوئی امکانات موجود نہیں، ہوا میں نمی کا تناسب 54 فیصد تک جا پہنچا۔خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کی توقع ہے، تاہم کوہاٹ، کوہستان، شانگلہ، بونیر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، بٹگرام اور کرم کے چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہو سکتی ہے۔موسم کا احوال بتانے والوں کے مطابق سندھ کے بیشتر اضلاع میں موسم شدید گرم اور خشک رہے گا، بالائی سندھ میں بعض مقامات پر گرد آلود ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جس سے درجہ حرارت میں مزید اضافہ محسوس کیا جا سکتا ہے۔بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کی توقع ہے، جبکہ صوبے کے جنوبی علاقوں میں شدید گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 24

دونوں وزرائے خارجہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ علاقائی صورتحال پر قریبی رابطہ جاری رکھا جائے گا اور آئندہ پیش رفت پر مسلسل مشاورت کی جائے گی۔دفتر خارجہ کے مطابق یہ رابطہ خطے میں سفارتی کوششوں اور کشیدگی میں کمی کے لیے جاری روابط کا حصہ ہے۔

بقیہ 25

فکسڈ ٹیکس سکیم کے حوالے کچھ ابہام پایا جا رہا ہے اس لئے اس پر آگاہی دی جائے۔اپنے بیان میں انہوں نے بظاہر فکسڈ ٹیکس سکیم تاجر برادری کے لیے ایک مثبت اور سہولت بخش قدم ہے تاہم کچھ حلقوں کی جانب سے اس پر تحفظات بھی سامنے آئے ہیں جنہیں دور ہونا چاہیے۔اشرف بھٹی نے کہا کہ سادہ اور قابل عمل ٹیکس نظام معیشت کی بہتری اور ریونیو میں اضافے کا باعث بنے گا۔فکسڈ ٹیکس سکیم سے ٹیکس نیٹ میں توسیع اور ٹیکس کلچر کو فروغ ملے گا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ حکومت بجٹ کی منظوری سے پہلے معیشت میں حصہ ڈالنے والے تمام اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات دور کرے گی جس کے مستقبل میں مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

بقیہ 26

اقبال ہال میں منعقد ہوگا جبکہ زونل کمیٹیوں کے اجلاس اپنے اپنے مقررہ مقامات پر ہوں گے۔مرکزی رویت ہلال کمیٹی ملک بھر سے موصول ہونے والی چاند کی رویت سے متعلق شہادتوں کا جائزہ لینے کا بعد حتمی اعلان کرے گی۔

بقیہ 27

سے برآمدات و درآمدات پر عائد 0.90 فیصد سیس کو واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ برآمدات کے ذریعے ملک کے لئے قیمتی زرمبادلہ لانے والی قدیم ترین صنعت کی مشکلات حل نہ ہونے سے مینوفیکچررز اینڈ برآمد کنندگان میں مایوسی پھیل رہی ہے، رواں سال اکتوبر میں پاکستان میں شیڈول 42 ویں عالمی نمائش کے لیے فنڈز کے اجراء میں تاخیر سے تیاریوں کا آغاز نہیں ہو سکا جس کی وجہ سے مایوسی بڑھ رہی ہے۔ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن اور وائس چیئرمین ریاض احمد نے اپنے مشترکہ بیان میں مارچ 2023 میں جاری ہونے والے ایس آر او 297(I)/2023 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ ایس آر او کے جدول نمبر 1 (درآمد و فراہمی) کے سیریل نمبر 5 کے مطابق افغانستان کے علاوہ دیگر ممالک سے درآمد کیے جانے والے تمام قالینوں پر 25 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہوتا ہے جبکہ افغانستان سے درآمد شدہ قالینوں پر رعایتی شرح کے تحت 18 فیصد سیلز ٹیکس لاگو ہے تاہم اس واضح قانونی پوزیشن کے باوجود طورخم بارڈر کے بند ہونے سے پہلے تک افغانستان سے درآمد ہونے والے قالینوں پر مسلسل 25 فیصد سیلز ٹیکس وصول کیا جاتا رہا ہے۔مطالبہ ہے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت سے اضافی وصول کیے گئے سیلز ٹیکس کی واپسی کے طریق کار کے بارے میں رہنمائی دی جائے اور متاثرہ برآمد کنندگان کو ریفنڈ کی ادائیگی یقینی بنائی جائے۔میاں عتیق الرحمٰن اور ریاض احمد نے پنجاب حکومت کی جانب سے برآمدات و درآمدات پر 0.90 فیصد سیس عائد کرنے کے اقدام پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس اضافی ٹیکس نے پہلے سے مشکلات سے دوچار برآمد کنندگان کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ پنجاب حکومت سے مطالبہ ہے کہ برآمدات کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کے تحفظ کے لیے فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے سیس کو واپس لیا جائے۔انہوں نے لاہور میں رواں سال اکتوبر میں منعقد ہونے والی 42 ویں عالمی نمائش کے لیے تا حال سرکاری فنڈز جاری نہ ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فنڈز کے اجراء میں مسلسل تاخیر کے باعث غیر ملکی خریداروں سے رابطوں، تشہیری مہم اور دیگر انتظامی تیاریوں کا عمل بری طرح متاثر ہو رہا ہے، اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو نمائش کے مطلوبہ نتائج حاصل کرنا مشکل ہو جائے گا۔انہوں نے توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا روایتی حریف ملک اس صورتحال سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے کیونکہ اس کی دیرینہ خواہش ہے کہ پاکستان میں ہاتھ سے بنے قالینوں کی عالمی نمائش کا تسلسل متاثر ہو تا کہ وہ عالمی خریداروں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرا سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ 42 ویں عالمی قالین نمائش کے لیے فنڈز بلا تاخیر جاری کیے جائیں تا کہ غیر ملکی خریداروں سے بروقت رابطوں، تشہیری سرگرمیوں اور انتظامی تیاریوں کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 28

اقبال ہال میں منعقد ہوگا جبکہ زونل کمیٹیوں کے اجلاس اپنے اپنے مقررہ مقامات پر ہوں گے۔مرکزی رویت ہلال کمیٹی ملک بھر سے موصول ہونے والی چاند کی رویت سے متعلق شہادتوں کا جائزہ لینے کا بعد حتمی اعلان کرے گی۔

بقیہ 29

معیار کی سرٹیفکیشن کے فقدان کے باعث اس شعبے کی حقیقی صلاحیت سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکا۔انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ مشترکہ تحقیق اور ٹیکنالوجی تعاون سے پاکستان ہربل ادویات، غذائی سپلیمنٹس اور قدرتی صحت بخش مصنوعات کی تیاری میں نمایاں ترقی کر سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ چین کی جدید تحقیقی مہارت اور پاکستان کے قدرتی وسائل کا امتزاج دونوں ممالک کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا جبکہ پاکستان اس شعبے میں آنے والے برسوں میں اربوں ڈالر کی برآمدات حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، مشترکہ لیبارٹری تحقیق، مصنوعات کی تیاری اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے نئے مواقع پیدا کرے گی۔انہوں نے تجویز دی کہ پاکستان میں قومی ہربل میڈیسن ایکسپورٹ پالیسی مرتب کی جائے اور مختلف علاقوں میں پائے جانے والے ادویاتی پودوں کی سائنسی کاشت کو فروغ دیا جائے، چین کے تعاون سے مشترکہ پروسیسنگ اور ٹیسٹنگ مراکز قائم کیے جائیں تا کہ پاکستانی مصنوعات عالمی معیار پر پورا اتر سکیں۔انہوں نے حکومت کو مشورہ دیا کہ ہربل میڈیسن اور آرگینک مصنوعات کے برآمد کنندگان کے لیے خصوصی مراعات اور آسان فنانسنگ سکیمیں متعارف کرائی جائیں۔انہوں نے یہ تجویز پیش کی کہ پاکستان اور چین مشترکہ برانڈنگ کے تحت بین الاقوامی نمائشوں اور تجارتی میلوں میں شرکت کریں تا کہ عالمی منڈیوں میں نئی راہیں کھولی جا سکیں۔ اگر مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے تو پاکستان نہ صرف خطے میں ہربل مصنوعات کا اہم مرکز بن سکتا ہے بلکہ زرمبادلہ کے حصول اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں بھی نمایاں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

بقیہ 30

مسلسل قریبی رابطے میں رہتے ہیں، جس کے نتیجے میں دونوں ممالک کے جامع اسٹریٹجک شراکت داری کے تعلقات مسلسل آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منگولیا اور چین کے تعلقات خطے کے ممالک کے درمیان تعلقات کی ایک بہترین مثال بن چکے ہیں۔ چین منگولیا کا ہمیشہ کا اچھا ہمسایہ ہے اور چین کے ساتھ دوستانہ تعلقات کو فروغ دینا منگولیا کی خارجہ پالیسی کی اولین ترجیح ہے۔منگولیا چین کے موقف اور خدشات کا احترام کرتا ہے، ایک چین کے اصول پر مضبوطی سے کاربند ہے اور اس بات کا یقین رکھتا ہے کہ تائیوان چین کی سرزمین کا اٹوٹ حصہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ منگولیا کسی بھی شکل میں "تائیوان کی علیحدگی" کی سرگرمیوں کی حمایت نہیں کرتا، جبکہ ہانگ کانگ، شی زانگ اور سنکیانگ سے متعلق امور کو چین کا داخلی معاملہ سمجھتا ہے۔منگولیا کسی بھی دوسرے ملک کے ساتھ تعلقات کی خاطر ایسا کوئی اقدام نہیں کرے گا جو چین کے مفادات کو نقصان پہنچائے۔انہوں نے شی جن پھنگ کی جانب سے پیش کردہ اہم عالمی انیشی ایٹوز کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے بین الاقوامی اور علاقائی امور میں چین کے ساتھ تعاون بڑھانے کی خواہش ظاہر کی۔ وانگ ای نے کہا کہ دونوں ممالک کے سربراہان کی اسٹریٹجک رہنمائی میں چین اور منگولیا کے تعلقات مجموعی طور پر مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ چین اس بات کا خواہاں ہے کہ فریقین دونوں ممالک کے رہنماو?ں کے درمیان طے پانے والے اتفاق رائے کو عملی پالیسیوں اور اقدامات میں تبدیل کریں، اسٹریٹجک اعتماد کو مضبوط بنائیں، عملی تعاون کو وسعت دیں، دوستی کی بنیاد کو مزید مستحکم کریں اور مشترکہ ترقی و خوشحالی کے حصول کے لیے مل کر کام کریں۔ وانگ ای نے کہا کہ چین اس بات کو سراہتا ہے کہ منگولیا نے چین کے ساتھ تعلقات کی ترقی کو اپنی خارجہ پالیسی کی اولین ترجیح قرار دیا ہے، جو منگولیا اور اس کے عوام کے بنیادی مفادات سے ہم آہنگ ہے۔انہوں نے کہا کہ چین دونوں ممالک کے سربراہان کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر عمل درآمد کے لیے منگولیا کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے، تا کہ ترقیاتی حکمت عملیوں میں ہم آہنگی پیدا کی جا سکے، تعاون کی نئی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جا سکے اور رابطہ سازی، توانائی، معدنیات، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں موجود تعاون کو مزید آگے بڑھایا جا سکے۔ وانگ ای نے مزید کہا کہ اہم معدنیات، سبز ترقی اور ڈیجیٹل معیشت جیسے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پیدا کر کے دوطرفہ تعلقات میں مزید ترقی کے امکانات روشن کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 31

دنیا غیر معمولی تبدیلیوں کے دور سے گزر رہی ہے، چین اور منگولیا کو دوستی اور تعاون کی درست سمت کو مضبوطی سے تھامے رکھنا چاہیے، ایک دوسرے کے بنیادی مفادات سے متعلق امور میں بدستور حمایت جاری رکھنی چاہیے اور دونوں عوام کے بنیادی اور طویل المدتی مفادات کو پیش نظر رکھتے ہوئے جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو نئے دور کے تقاضوں کے مطابق مزید فروغ دینا چاہیے تا کہ مل کر ہر قسم کے بیرونی چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکے۔ وانگ ای نے زور دیا کہ دونوں ممالک کی معیشتیں کافی حد تک ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہیں۔ ترقیاتی حکمت عملیوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے سے تعاون کے نئے شعبے کھلیں گے، موجودہ صلاحیتوں سے بہتر فائدہ اٹھایا جا سکے گا اور دونوں ممالک کی اقتصادی و سماجی ترقی کو نئی قوت ملے گی۔ چین منگولیا کے ساتھ اعلیٰ معیار کے بیلٹ اینڈ روڈ تعاون کو آگے بڑھانے، اقتصادی و تجارتی تعاون کو وسعت دینے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے معیار اور حجم میں اضافہ کرنے کا خواہاں ہے تا کہ مزید عملی نتائج حاصل کیے جا سکیں۔وانگ ای نے مزید کہا کہ چین اور منگولیا دونوں ترقی پذیر ممالک ہیں اور بین الاقوامی و علاقائی امور میں ان کے مشترکہ مفادات اور پالیسی موقف کافی قریب ہیں۔ چین منگولیا سمیت مختلف ممالک کے ساتھ مل کر زیادہ منصفانہ اور معقول عالمی طرزِ حکمرانی کے نظام کے قیام کے لیے کام کرنے کا خواہاں ہے۔باتمونخ باتسیتسیگ نے کہا کہ ہمسایہ ممالک، خصوصاً چین کے ساتھ تعلقات کو فروغ دینا ہمیشہ منگولیا کی خارجہ پالیسی کی ترجیح رہا ہے۔منگولیا چین کے پندرہویں پانچ سالہ منصوبے کو بہت اہمیت دیتا ہے اور چین کے ساتھ ترقیاتی حکمت عملیوں میں مزید ہم آہنگی، تجارت اور سرمایہ کاری کے حجم میں اضافہ، رابطہ سازی کے فروغ اور اہم معدنیات اور ماحولیاتی تحفظ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کا منتظر ہے۔

بقیہ 32

وزارت کی جانب سے آئندہ عمرہ سیزن کی تیاریوں اور زائرین کے لیے اعلیٰ معیار کی خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ معطل کی جانے والی کمپنیوں میں سے 15 خدمات کے معیار پر پورا اترنے میں ناکام رہیں جبکہ 6 نے ضوابط کی خلاف ورزیاں کیں۔

بقیہ 33

ساتھ رہنے کی تمیز نہیں ان سے اتحاد نہیں ہو سکتا، ہم استعمال نہیں ہو رہے تم استعمال ہو رہے ہو، تفصیل سے بات ہونی چاہیے لیکن کیمرے کی آنکھ بھی ہمیں دیکھ رہی ہے۔

بقیہ 34

رانا محمد اعظم خاں، چوہدری جاوید عبداللہ میو، حاجی محمد لقمان، مفتی عبدالرحمان، چوہدری نواز جٹ، ملک عباس کھوکھر، ملک داؤد کھوکھر، وقاص شیخ، اور دیگر نے اپنے متفقہ بیان میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، اسحاق ڈار، وزیر خزانہ و معاشی ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیئے مثبت قدم ہے، بجٹ میں تنخواہ دار طبقے اور کاروباری شعبے کیلئے ریلیف اقدامات خوش آئند ہیں، اوور سیز سپر ٹیکس میں کمی اور برآمدی شعبے کیلئے مراعات کو مثبت ہیں، جبکہ تنخواہ دار طبقے پر سرچارج کا خاتمہ اور انکم ٹیکس میں کمی خوش آئند اقدام ہے، اور حکومت کے فیصلے سے متوسط طبقے کو ریلیف ملے گا، وفاقی بجٹ 2026-27 کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 35

کارڈ میں شامل کرایا ہے۔ صوبائی حکومت تشہیر کی بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے ان خیالات کا اظہار پختونخوا ریڈیو ایبٹ آباد کی خصوصی ٹرانسمیشن کے پروگرام "صحت زندگی" میں براہ راست بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ پختونخوا ریڈیو اور ریجنل انفارمیشن آفس آمد کے موقع پر ریجنل انفارمیشن آفیسر اکرام اللہ سعید نے انہیں خوش آمدید کہا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔مشیر اطلاعات نے اس موقع پر صحت کے مسائل سے متعلق پروگرام "صحت زندگی" کا افتتاح بھی کیا۔ لائیو پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے اور پھر ان صلاحیتوں کو اپنے پختہ کردار کی بدولت مزید نکھارنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان نسل اپنا وقت اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے، علم حاصل کرنے اور معاشرے کے درد زدہ لوگوں کے کام آنے کے لیے صرف کریں تو کامیابی ان کا مقدر ٹھہرے گی۔صوبائی مشیر اطلاعات نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کی قیادت میں حقیقی عوام دوست اقدامات اٹھا رہی ہے۔ یتیم بچوں کے روشن مستقبل اور بیواؤں کے لیے سہارا کارڈ منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔اسی طرح صحت کارڈ میں پیچیدہ بیماریوں کے مہنگے علاج بھی شامل کیے گئے ہیں۔

بقیہ 36

حادثات بنوں، شانگلہ اور مانسہرہ میں پیش آئے۔خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں میں گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کا بھی خدشہ ہے، شدید گرمی اور بارشوں سے گلیشیئرز تیزی سے پگھلنے لگے جس کے باعث فلیش فلڈ کا خدشہ بھی پیدا ہو گیا۔ چترال، دیر، سوات، کوہستان اور مانسہرہ کے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کر دی گئی، نشیبی علاقوں میں سیلابی صورتحال ہو سکتی ہے، ضلعی انتظامیہ کو حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کی ہدایت کی گئی ہے۔حکام کی جانب سے ہدایت کی گئی خطرناک علاقوں میں بروقت وارننگ اور لوگوں کا انخلاء یقینی بنایا جائے، لوگ دریا کے کناروں، برساتی نالوں اور تیز بہاؤ والے مقامات سے دور رہیں۔

بقیہ 37

حکام نے بتایا کہ دہشتگردوں نے حالیہ 10 واقعات میں مائننگ ایکسپلوسیو استعمال کیا ہے، دہشتگردی میں مائننگ ایکسپلوسیو کا استعمال روکنے کیلئے حکمت عملی بنا رہے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق اسی حوالے سے سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کی کمیٹیاں بنائی جائیں گی اور بارودی مواد کے دیگر ذرائع کا بھی جائزہ لیا جائیگا۔

بقیہ 38

بقیہ 39

کرنے کی اپیل کی ہے۔انہوں نے کہا کہ محفوظ انتقال خون صحت مند اور ذمہ دار معاشرے کے قیام کیلئے ناگزیر ہے، تھیلیسیمیا، ہیموفیلیا اور دیگر مریضوں کیلئے مسلسل عطیات خون وقت کی اہم ضرورت ہیں۔سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ خون عطیہ کرنے والے افراد انسانیت کے حقیقی ہیروز ہیں، صحت مند شہری عطیہ خون کو اپنی سماجی ذمہ داری اور انسانی خدمت کا حصہ بنائیں۔

بقیہ 40

کوگڈوانٹرچینج سے این 5- قومی شاہراہ پر منتقل کیا جائے گا۔ مقررہ اوقات کے دوران روہڑی ٹال پلازہ سے ہیوی ٹریفک کو موٹروے پر داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔متبادل راستے کا کل فاصلہ تقریباً 148 کلومیٹر ہوگا۔متبادل راستے کے استعمال سے ایل ٹی وی کو تقریباً 2 گھنٹے جبکہ ایچ ٹی وی کو تقریباً 3 گھنٹے اضافی سفر کرنا پڑے گا۔شہری بروقت اور محفوظ سفر کے لیے روانگی سے قبل کم از کم 30 منٹ اضافی وقت مختص کریں۔موٹروے پولیس مسافروں کی سہولت اور حفاظت کے لیے خصوصی ٹریفک مینجمنٹ پلان پر عمل درآمد کرے گی۔ 15 اور 16 جون کو سفر سے قبل متبادل راستوں اور ٹریفک کی صورتحال سے متعلق آگاہی ضرور حاصل کریں۔ترجمان سنٹرل ریجن نے بتایا کہ محفوظ سفر کے لیے موٹروے پولیس ہیلپ لائن 130 سے رہنمائی حاصل کریں۔

بقیہ 41

سفارتی چیلنجز کے باوجود پاکستان نے امن کے قیام کے لیے مسلسل اور مؤثر سفارتی کوششیں جاری رکھیں۔لارڈ طارق احمد نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی 'دشمنل ڈپلومیسی' نے ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی سفارتی رابطوں اور مذاکراتی عمل کو کامیاب بنانے میں مؤثر کردار ادا کیا۔ برطانوی پارلیمنٹیرین نے کہا کہ پاکستان کی یہ سفارتی کوششیں نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن و استحکام کے لیے بھی اہم ثابت ہو سکتی ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ مجوزہ معاہدہ جلد حتمی شکل اختیار کرے گا اور مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگا۔سیاسی مبصرین کے مطابق اگر معاہدہ کامیاب ہو جاتا ہے تو یہ پاکستان کی حالیہ تاریخ کی اہم ترین سفارتی کامیابیوں میں شمار کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 42

اور استعمال کے پانی کیلئے ٹرکوں کے ذریعے پہنچائے جانے والے پانی پر انحصار کرتے ہیں، فنڈز کی کمی کے باعث پانی کی یہ فراہمی شدید خطرات سے دوچار ہے، جس سے غزہ میں پہلے سے موجود انسانی بحران مزید سنگین ہو سکتا ہے۔اقوام متحدہ نے بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ انسانی امداد اور بنیادی خدمات کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تا کہ مزید بگڑتی ہوئی صورتحال کو روکا جا سکے۔

بقیہ 43

ارکان کے زخمی ہونے کے کیس میں مقامی پولیس نے تفتیش کرنے سے معذرت کر لی ہے، ڈی پی او چکوال کا مؤقف ہے کہ چونکہ یہ کارروائی اور معاملہ سی سی ڈی کا ہے، اس لیے وہی اس کی اندرونی تحقیقات کرے گی۔

بقیہ 44

اس بجٹ میں مجھے غریبوں کیلئے سوائے ایک دو کاموں کے کچھ نظر نہیں آیا، حکومت نے صرف بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے فنڈز میں کچھ اضافہ کیا ہے اور مزدور کی کم از کم اجرت بڑھائی ہے، اس کے علاوہ پورے بجٹ میں غریب کے لیے کچھ نہیں ہے، حکومت نے بجٹ میں عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں گرنے کا جو مفروضہ قائم کیا ہے، اگر وہ پورا نہ ہوا تو اگلے تین ماہ میں حکومت کو ایک بار پھر نیا منی بجٹ لانا پڑ جائے گا۔نجم سیٹھی کہتے ہیں کہ حکومت نے حال ہی میں پٹرول 4 روپے سستا کر کے کریڈٹ لینے کی کوشش کی ہے، لیکن اصل چیز پٹرولیم لیوی ہے، جس کا بجٹ میں بہت بڑا اور بھاری ٹارگٹ رکھا گیا ہے، یہ لیوی سراسر عوام پر بوجھ ہے، اگر حکومت واقعی ریلیف دینا چاہتی ہے تو اس لیوی کو ختم یا کم کرے، حکومت نے بجٹ بناتے وقت یہ اندازہ لگایا ہے کہ عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتیں گر کر 60 یا 65 ڈالر فی بیرل پر آ جائیں گی، چونکہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی صورتحال غیر مستحکم ہے، اگر اگلے تین ماہ تک یہ قیمتیں نہ گریں تو حکومت کو مجبوراً نیا منی بجٹ لانا پڑے گا۔انہوں نے حکومتی کفایت شعاری کے دعوؤں پر سخت ترین الفاظ میں تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایم این ایز کا دو ماہ کی تنخواہ نہ لینے کا اعلان کرنا کوئی کفایت شعاری نہیں، یہ کہہ کر انہوں نے کوئی بڑا تیر نہیں مارا، حکومت ان اراکین اسمبلی کو خوش رکھنے کے لیے ان کی جیبوں میں 100 ارب روپے کے فنڈز ڈال دیتی ہے، ایک طرف سے پنجاب حکومت فنڈز دیتی ہے تو دوسری طرف سے وفاقی حکومت پیسے لٹاتی ہے، یہ آپ نے خرید و فروخت کا ایک سسٹم بنایا ہوا ہے تا کہ ان سے جو چاہیں کروالیں۔تجزیہ کار کا کہنا ہے کہ لوگ الیکشن جیتنے کے لیے کروڑوں روپے خرچ کر کے پارلیمنٹ میں آتے ہیں، وہ یہاں اس لیے نہیں آتے کہ کوئی اچھی قانون سازی کریں گے یا ملک و قوم کی خدمت کریں گے، بلکہ وہ یہاں صرف اور صرف پیسے بنانے کے لیے آتے ہیں، یہ ایک باقاعدہ کاروبار بن چکا ہے، حکومت صرف عوام کی جیبوں پر نظر رکھنے کے بجائے اپنے گریبان میں بھی جھانکے، حکومت اپنے شاہانہ اخراجات کیوں کم نہیں کرتی؟ ان کی ساری توجہ صرف اس بات پر ہے کہ پیسے کہاں سے جمع کیے جائیں، اگر حکومت خود اپنے اخراجات کم کرے اور کچھ قربانی دے، تو عوام بھی خوشی سے ٹیکس دے گی۔

بقیہ 45

ان چیف زبیر چھایا، قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سلیم الزماں، ممبر صوبائی اسمبلی شمس مرزا، مسعود نقی، گلزار فیروز، شیخ عمر ریحان، سینئر نائب صدر اعجاز احمد شیخ، نائب صدر طارق حسین و دیگر ممبران بھی موجود تھے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان میں وسائل کے مقابلے میں آبادی کا بڑھنے کا تناسب بہت زیادہ ہے۔آبادی کی سالانہ شرح 6.2 فیصد جبکہ شرح افزائش 6.3 فیصد کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ہم نے اس تناسب پر نظر ثانی نہ کی تو تباہی مچ جائے گی۔انہوں نے مزید بتایا کہ بڑا اسپتال میں ایک ڈاکٹر کے پاس 40 مریضوں کی گنجائش ہے، لیکن وہاں 250 مریض چیک اپ کے لیے آتے ہیں۔مصطفیٰ کمال نے صحت سے جڑے بنیادی مسائل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں 68 فیصد بیماریوں کی وجہ آلودہ پانی ہے، جبکہ سیوریج ٹریٹمنٹ کا کوئی جامع منصوبہ موجود نہیں۔ہمارے ہاں ہیلتھ کیئر سسٹم نہیں بلکہ سِک کیئر سسٹم رائج ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ذیابیطس اور ہیپاٹائٹس سی کے مریضوں میں دنیا میں سر فہرست ہے۔دنیا بھر سے پولیو ختم ہو چکا ہے، لیکن پاکستان اور افغانستان میں اب بھی موجود ہے۔انہوں نے صحت کے شعبے میں ٹیکنالوجی کے کردار کو اہم قرار دیتے ہوئے اعلان کیا کہ ہم پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے نظام صحت میں اصلاحات لا رہے ہیں۔

بقیہ 46

یکسپورٹ ٹو چائنا" پروگرام کے تحت یورپی یونین میں ہونے والی پہلی سرگرمی تھی۔اس میں مصنوعات سازی، طب و صحت کے شعبے اور دیگر صنعتوں سے تعلق رکھنے والی تقریباً 20 کمپنیوں اور تجارتی تنظیموں نے شرکت کی۔تقریب کے منتظمین میں شامل جرمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا کہ بہت سی جرمن کمپنیاں طویل عرصے سے چین میں کاروبار کر رہی ہیں اور چینی منڈی ان کی عالمی کاروباری حکمت عملی کا ایک اہم حصہ بن چکی ہے۔ جرمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں امور چین کے سربراہ تھامس کونیگ نے کہا کہ اس وقت تقریباً 5200 جرمن کمپنیاں چین میں سرگرم ہیں اور ان میں سے بہت سی کئی دہائیوں سے وہاں سرمایہ کاری اور کاروبار کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ چین جرمن کمپنیوں کے لیے صرف ایک مارکیٹ نہیں بلکہ ان کی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز بھی ہے۔ ایسے تبادلہ خیال کے پلیٹ فارم دونوں فریقوں کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 47

بات انہوں نے ہفتہ کو شی صدر مسلم لیگ (ن) رفیق مغل کے ہمراہ گلوبل ایجوکیشن آفس کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔

بقیہ 48

لیے تعاون کی کوشش شمالی کوریا کی ایک جوہری ہتھیاروں سے لیس ریاست کی حیثیت کو متاثر نہیں کر سکتی۔ان کا کہنا تھا کہ جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کا معاملہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو چکا ہے۔

بقیہ 49

گیا۔زخمی نوجوان کی مدعیت میں 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، تشدد کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے جن کی تلاش کیلئے پولیس کی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، تشدد کا واقعہ شہر فرید کے علاقہ شاکر آباد میں پیش آیا۔

بقیہ 50

کے لوگوں کے لئے کام کرتے ہیں، کراچی کی میئر شپ اور الیکشن آئندہ بھی پیپلز پارٹی جیتے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ضروری ہے ہم اپنی دفاعی صلاحیت کو بہتر کریں، فنڈز میں کٹوتی سے ترقیاتی منصوبے ضرور متاثر ہوں گے، آئندہ بجٹ میں کوئی نئی ترقیاتی اسکیم شامل نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ میری تبدیلی کی باتیں دس سال سے آ رہی ہیں، پارٹی قیادت جب چاہے گی کوئی بھی فیصلہ کر سکتی ہے، جس دن تبدیل ہونا ہوگا اس دن کچھ لوگوں کی خواہش پوری ہوگی۔انہوں نے کہا کہ میں اس وقت ہٹایا جاؤں گا جب اللہ اور میری پارٹی قیادت چاہے گی، مجھے ہٹانے سے متعلق لوگوں کی خواہش پوری نہیں ہوگی۔مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ غیر ترقیاتی بجٹ کم کیا ہے، مزید کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ارسا کا ٹیلی میٹری سسٹم بن رہا ہے، اس پر کام چل رہا ہے، پانی کی قلت ہے، میں نے وزیراعظم کو خط لکھا، این ای سی کے اجلاس اور وزیراعظم سے ملاقات میں بھی معاملہ اٹھایا ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی سب سے بڑی جماعت بن کر سامنے آئی ہے، پیپلز پارٹی کو حکومت لوگوں نے دی ہے، سندھ میں بھی سب سے زیادہ ووٹ پیپلز پارٹی کو 2024 کے الیکشن میں ملے ہیں۔مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ حالات پیچیدہ ہیں، صدر مملکت، وزیراعظم اس پر آواز اٹھا رہے ہیں۔

بقیہ 51

پہنچ گیا ہے، اب کیو آر کوڈ کی معلومات کی بنیاد پر سبسڈی کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اویس لغاری نے کہا کہ حکومت پروٹیکٹڈ صارفین کے لیے بجلی سبسڈی ختم نہیں کر رہی۔

بقیہ 52

کے باوجود عوام نے قومی یکجہتی کی ایک مثال قائم کی۔ان کا کہنا تھا کہ جنگ کے دوران مختلف سیاسی، سماجی اور فکری حلقوں سے تعلق رکھنے والے ایرانی شہری ایک صف میں کھڑے نظر آئے۔ایرانی صدر نے کہا کہ 12 روزہ جنگ نے یہ حقیقت واضح کر دی کہ ذاتی پسند، ناپسند اور مختلف نقطہ ہائے نظر سے قطع نظر، جب ہمارے عزیز وطن ایران کا معاملہ آتا ہے تو ہم ایک قوم، ایک بندھی ہوئی مٹھی اور ایک دھڑکتے ہوئے دل کی مانند ہوتے ہیں۔مسعود پزشکیان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایران اپنی قومی سلامتی، خودمختاری اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے متحد رہے گا۔

بقیہ 53

س کی شہرت یا اس کی دولت نہیں پوچھی جائے گی، وہاں یہ پوچھا جائے گا کہ تمہارے وجود سے کتنے دلوں کو سکون ملا کتنی آنکھوں کے آنسو خشک ہوئے کتنی امیدیں زندہ ہوئیں اور کتنی زندگیاں آسان بنیں۔آخر کار انسان کی پہچان اس کے نام سے نہیں بلکہ اس کے اثر سے ہوتی ہے، اور دنیا میں سب سے بڑا عہدہ، سب سے بڑا منصب اور سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ انسان انسانیت کے کام آ جائے۔

حکومت کا بجلی صارفین کے میٹر کیو آر کوڈ سے منسلک کرنے کا فیصلہ

سبسڈی ختم کرنے کی خبریں حقائق کے منافی ہیں، حق دار صارفین کو سبسڈی ملتی رہے گی، وفاقی وزیر

سولر توانائی کی حوصلہ شکنی نہیں کی جا رہی، نظام مزید شفاف بنایا جا رہا ہے، نیٹ میٹرنگ پالیسی سے 90 فیصد گھریلو صارفین متاثر نہیں ہوں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت نے تمام بجلی صارفین کے میٹرز کو کیو آر کوڈ سے منسلک کرنے کا فیصلہ کرلیا، حق دار صارفین کو سبسڈی ملتی رہے گی، حکومت پروٹیکٹڈ صارفین کیلئے بجلی سبسڈی ختم نہیں کر رہی، سبسڈی ختم کرنے کی خبریں حقائق کے منافی ہیں، بجلی پر سبسڈی دی جا رہی ہے، سبسڈی کا حجم 199 ارب سے بڑھ کر 423 ارب روپے تک (بقیہ نمبر 51)

ایران پر جنگ مسلط ہوئی تو پوری قوم ایک مٹھی بن گئی، صدر پزشکیان

ایران اپنی قومی سلامتی، خودمختاری اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے متحد رہے گا، بیان

تہران (یواین پی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ گزشتہ سال اسرائیل کے خلاف 12 روزہ جنگ نے ثابت کر دیا کہ جب ایران کی خودمختاری اور قومی مفادات کا معاملہ درپیش ہوتو پوری ایرانی قوم تمام اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہو جاتی ہے۔ اپنے ایک بیان میں صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران کو درپیش چیلنجز اور بیرونی دبا(بقیہ نمبر 52)

لاہور: شہری گریٹر اقبال پارک میں بگھی پر سیر کر رہے ہیں۔

سعودی وزارت حج وعمرہ کا خراب کارکردگی

معطل کی جانے والی کمپنیوں میں سے 15 خدمات کے معیار پر پورا اترنے میں ناکام رہیں

ریاض (یواین پی) سعودی وزارت حج وعمرہ نے ضوابط کی خلاف ورزی اور خدمات کے معیار پر پورا نہ اترنے پر 21 عمرہ کمپنیوں کو معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزارت نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ سیزن کے دوران کئی کارکردگی جائزوں سے معلوم ہوا کہ کمپنیوں کے خدمات کے معیار میں کمی آئی اور ضوابط کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ یہ فیصلہ(بقیہ نمبر 21)

عوام دوست بجٹ، عوام کی مشکلات میں کمی آئے گی؛ ملک عباس کھوکھر

وفاقی بجٹ سے برآمدات، سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا

کاہنہ (یواین پی) عوام دوست بجٹ عوام کی مشکلات میں کمی آئے گی وفاقی بجٹ پرن لیگی رہنماؤں کی مبارکباد، وفاقی بجٹ سے برآمدات، سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا، وفاقی بجٹ بہترین اور عوامی امنگوں پر مبنی بجٹ پیش کرنے پر، مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماؤں انعام القیوم، لالہ منیر حسین سندھو، رانا عمرو راز، (بقیہ نمبر 34)

بچے ایک قریبی پارک میں جھولوں کا لطف اٹھا رہے ہیں، وہ گرمیوں کی چھٹیوں کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے دارالحکومت کو اپنی لپیٹ میں لینے والی شدید گرمی کے باوجود باہر معمولی تفریح کے مواقع تلاش کر رہے ہیں۔

کامیابی کیلئے کردار کی پختگی اور اپنی پہچان ضروری ہے، بیرسٹر سیف

کردار کی پختگی اور خود کی پہچان کرنے والا انسان ہی دنیا و آخرت میں کامیاب ہوسکتا ہے

وزیراعلیٰ کی قیادت میں عوام دوست منصوبے شروع کیے ہیں، صوبائی حکومت تشہیر کی بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے

پشاور (این ای این) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات وتعلقات عامہ بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ کامیابی کے لیے کردار کی پختگی اور اپنی پہچان ضروری ہے۔ اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنا اور اپنے وقت کا صحیح استعمال کرنا بھی انسان کو زندگی میں آگے لے جاتا ہے۔ صوبائی حکومت نے بیواؤں اور یتیم بچوں کے لیے سہارا اور روشن مستقبل منصوبہ متعارف کرایا ہے اور پیچیدہ بیماریوں کا مہنگا علاج صحت (بقیہ نمبر 35)

رائیونڈ 10 روزہ 40 ویں سالانہ شہادت کانفرنس 1 محرم تا 10 محرم کا انعقاد

دس روزہ شہادت کانفرنس جامعہ نقشبندیہ المعروف مدرسہ حضرت مفتی مقبول احمد مین بازار رائیونڈ میں بعد نماز

رائیونڈ (یواین پی) رائیونڈ 10 روزہ 40 ویں سالانہ شہادت کانفرنس 1 محرم تا 10 محرم کا انعقاد، دس روزہ شہادت کانفرنس جامعہ نقشبندیہ المعروف مدرسہ حضرت مفتی مقبول احمد مین بازار رائیونڈ میں بعد نماز عشاء منعقد ہوگی، جس کی صدارت پیر مفتی اختر علی قادری سجادہ نشین آستانہ عالیہ قبلہ شیخ الحدیث قصور، پیر سید محی الدین محمد اشرف اشرفی امیر حلقہ اشرفیہ پاکستان، پیر سید خلیل الرحمان شاہ امیر جماعت اہلسنت صوبہ پنجاب(بقیہ نمبر 36)

ایک دکاندار گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے ریلوے اسٹیشن کے باہر تربوز کے جوس کی نمائش کر رہا ہے۔

خیبر پختونخوا، 24 گھنٹوں میں بارش اور آندھی سے تباہی، 7 افراد جاں بحق، 33 زخمی

جاں بحق افراد میں 2 بچے، 4 مرد اور ایک خاتون، زخمیوں میں 7 مرد، 12 خواتین اور 14 بچے شامل

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں 24 گھنٹوں کے دوران بارش، آندھی اور آسمانی بجلی سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری کردی گئی جس کے مطابق 7 افراد جاں بحق اور 33 زخمی ہوئے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چھتیں اور دیواریں گرنے سے 7 افراد جاں بحق اور 33 زخمی ہوئے، جاں بحق افراد میں 2 بچے، 4 مرد اور ایک خاتون شامل ہے، زخمیوں میں 7 مرد، 12 خواتین اور 14 بچے شامل ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق (بقیہ نمبر 38)

خون عطیہ کرنے والے افراد انسانیت کے حقیقی ہیروز ہیں، گورنر سندھ

عطیہ خون انسانیت کی خدمت اور کسی زندگی کو بچانے کا عظیم عمل ہے،

کراچی (یواین پی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ خون عطیہ کرنے والے افراد انسانیت کے حقیقی ہیروز ہیں۔ عالمی یوم عطیہ خون پر اپنے خصوصی پیغام میں گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ عطیہ خون انسانیت کی خدمت اور کسی زندگی کو بچانے کا عظیم عمل ہے، خون کا ایک عطیہ کسی ضرورت مند کیلئے نئی امید اور نئی زندگی بن سکتا ہے۔ انہوں نے عوام بالخصوص نوجوانوں سے رضاکارانہ طور پر خون عطیہ(بقیہ نمبر 39)

چینی وزیر خارجہ سے منگولیا کے صدر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کے فروغ پر زور

بیجنگ (یواین پی) منگولیا کے صدر اوخنا خورلسوخ نے دارالحکومت اولان باتور میں سی پی سی کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور چینی وزیر خارجہ وانگ ای سے ملاقات کی۔ اوخنا خورلسوخ نے کہا کہ انہیں چینی صدر شی جن پھنگ کے ساتھ گہری دوستی اور باہمی اعتماد پر مبنی تعلقات قائم کرنے کا اعزاز حاصل ہے اور دونوں رہنما(بقیہ نمبر 30)

چین اور منگولیا دوستانہ ہمسایہ ممالک ہیں، چینی وزیر خارجہ

بیجنگ (یواین پی) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے منگولیا کے دارالحکومت اولان باتور میں منگولیا کی وزیر خارجہ باتمونخ باتسیتسیگ سے ملاقات کی۔ اتوار کے روز اس موقع پر وانگ ای نے کہا کہ چین اور منگولیا دوستانہ ہمسایہ ممالک ہیں۔ چین ہمیشہ منگولیا کو اپنی ہمسایہ سفارت کاری میں اہم مقام دیتا آیا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات اور تعاون کو فروغ دینے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ موجودہ عالمی صورتحال میں، جب(بقیہ نمبر 31)

پارٹی چھوڑ جاؤں تو واپس نہیں آنے دینا، مجھ پر بھی نظر رکھو، خالد مقبول صدیقی

حیدرآباد (یواین پی) ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ مجھ پر بھی نظر رکھو، پارٹی چھوڑ جاؤں تو واپس نہیں آنے دینا۔ کارکنوں سے گفتگو میں خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ہماری مادری زبان نہ ہوتی تو یہ ملک گونگا ہوتا، پاکستان چلانا ہے تو کراچی اور حیدرآباد چلائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جنہیں اختلافات کے(بقیہ نمبر 33)

خیبر پختونخوا پولیس کا مائننگ ایکسپلوسیو کے دہشتگردی میں استعمال کو روکنے کیلئے حکمت عملی

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا پولیس نے دہشتگردی میں مائننگ ایکسپلوسیو کا استعمال روکنے کیلئے حکمت عملی بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق آئی ای ڈی دھماکوں میں مائننگ بارودی مواد کے استعمال کے شواہد ملے ہیں۔ پولیس(بقیہ نمبر 37)

دیہی علاقے کے ایک کھلے میدان میں نوجوانوں کا ایک گروپ دوستانہ والی بال میچ کھیل رہا ہے۔

بجٹ میں مجھے غریبوں کیلئے کچھ نظر نہیں آیا، نجم سیٹھی کی تنقید

خرید و فروخت کا یہ ایک سسٹم بنایا ہوا ہے تا کہ ان سے جو چاہیں تجزیہ کار کی گفتگو

لاہور (یواین پی) معروف تجزیہ کار نجم سیٹھی نے وفاقی بجٹ 2027/2026ء پر کڑی تنقید کرتے ہوئے اسے غریب دشمن اور اراکین پارلیمنٹ کی خوشنودی کا بجٹ قرار دے دیا۔ گفتگو کرتے ہوئے نجم سیٹھی نے پٹرولیم کروا لیں؛ لیوی، حکومتی اخراجات اور مستقبل میں آنے والے منی بجٹ پر کھل کر اظہار خیال کیا، انہوں نے کہا کہ(بقیہ نمبر 44)

چکوال سانحے پر پنجاب پولیس نے 9 سالہ آسٹریلوی بچی کے قتل کیس کی تفتیش سے ہاتھ اٹھالیا

تفتیش ہم نہیں کریں گے بلکہ سی سی ڈی خود کرے گی، ڈی پی او کا مؤقف؛

چکوال (یواین پی) صوبہ پنجاب کے ضلع چکوال میں حج سے واپس لوٹنے والے آسٹریلوی شہری پاکستانی خاندان پر فائرنگ کے کیس میں پنجاب پولیس نے 9 سالہ بچی کے جاں بحق ہونے اور اس کے خاندان کو لہولہان کرنے والے معاملے کی تحقیقات سے ہاتھ اٹھالیا۔ چکوال میں سی سی ڈی کی مبینہ غفلت اور اندھا دھند فائرنگ سے پاکستانی نژاد آسٹریلوی شہری عدیل احمد کی بیٹی ہانیہ احمد کے قتل اور خاندان کے دیگر(بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت کے علاقے 9-I/4 میں سڑک کے کنارے موٹرسائیکل پر نصب پنجرے سے ایک دکاندار کورنگ برنگے چوزے اور زندہ پرندے بیچتے ہوئے ایک نوجوان لڑکی دیکھ رہی ہے۔

وزیراعلیٰ مریم نواز کا ماحول دوست صوبہ بنانے کا عزم

انقلابی پیشرفت، پاکستان کا پہلا ای پی اے تصدیق شدہ ''لیکوئڈ ٹری''

لاہور (یواین پی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے پنجاب کو ماحول دوست صوبہ بنانے کے وژن کے تحت ایک اور انقلابی پیش رفت ہے۔ پاکستان کا پہلا ای پی اے تصدیق شدہ ''لیکوئڈ ٹری''، فیصل آباد سے لاہور پہنچ رہا ہے۔ 1987 سے اب تک ای پی اے پنجاب کی جانب سے تصدیق پانے والی یہ پہلی ٹیکنالوجی ہے جو مصنوعی درخت کی صورت میں کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کراچی سے خیبر تک 100 سے زائد اقسام کی مائیکروالگی اکٹھی کی گئیں۔ 7 ماہ کے عرصہ میں ہر قسم کی کاربن سیکوسٹریشن کی صلاحیت اور افادیت ٹیسٹ کی گئی۔ سب سے مؤثر ایل جی سکھر، سندھ سے ملی اس کے بیج لے کر، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے تعاون سے وہیں کاشت کیے گئے۔ سسٹم میں اے آئی بیسڈ کیلکولیٹر لگا ہے جو بتاتا ہے کہ ایک وقت میں کتنا کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب ہو رہا ہے اور کتنی آکسیجن ریلیز ہو رہی ہے۔

☆☆☆

برطانوی لارڈ طارق احمد کا ایران امریکا مفاہمت میں پاکستان کی سفارتکاری کو خراج تحسین

مجوزہ معاہدہ جلد حتمی شکل اختیار کرے گا اور کشیدگی کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگا

لندن (یواین پی) برطانیہ کے ممتاز پارلیمنٹیرین لارڈ طارق احمد آف ومبلڈن نے ایران اور امریکا کے درمیان متوقع معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہوئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا ہے۔ لارڈ طارق احمد نے اپنے بیان میں کہا کہ انہیں امید ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد خطے میں امن کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر مشکلات، رکاوٹوں اور متعدد (بقیہ نمبر 41)

لاہور: شہری منی گاڑی پر سوار ہوکر شاہی قلعے کی سیر کر رہے ہیں۔

بجلی کی بحالی کا کام، موٹروے ایم 5-عارضی طور پر بند کرنے کا

متبادل راستے کا کل فاصلہ تقریباً 148 کلومیٹر ہوگا، ترجمان سنٹرل ریجن کا بیان

ملتان (یواین پی) میپکو کے بحالی بجلی کے کام کے باعث موٹروے ایم 5- پر ٹریفک کی روانی عارضی طور پر متاثر رہے گی۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان سنٹرل ریجن کے مطابق 15 اور 16 جون کو موٹروے ایم 5- کا اقبال آباد تا گڈو سیکشن عارضی طور پر بند رہے گا۔ ترجمان سنٹرل ریجن نے بتایا کہ گڈو اور اقبال آباد انٹرچینجز پر ٹریفک کی آمدورفت صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک معطل رہے گی۔ میپکو ہائی ٹرانسمیشن ٹاورز اور بجلی کی لائنوں کی بحالی کا کام انجام دے گا۔ ملتان سے سکھر جانے والی ٹریفک کو اقبال آباد انٹرچینج سے این 5- قومی شاہراہ پر ڈائیورٹ کیا جائے گا۔ سکھر سے ملتان جانے والی ٹریفک(بقیہ نمبر 40)

بڑھتی ہوئی آبادی صحت کے وسائل پر دباؤ ڈال رہی ہے: مصطفیٰ کمال

ٹیلی میڈیسن اور ٹیکنالوجی سے صحت کی سہولیات جلد عوام کی دہلیز پر فراہم کریں گے، وفاقی وزیر صحت

کراچی کی معیشت وفاق کے رحم و کرم پر، صحت مند قوم معاشی طور پر مضبوط اور ترقی یافتہ ہوتی ہے، صدر کاٹی جنید نقوی

کراچی (این ای این) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں صحت کا نظام بے پناہ مسائل سے دوچار ہے، اسپتال بنانے سے نہیں بلکہ پورے ماحول کو بہتر بنانے سے مسائل حل ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر جنید نقوی، ڈپٹی پیٹرن(بقیہ نمبر 45)

شہر میں شدید گرمی سے راحت حاصل کرنے کے لیے سوئمنگ پول میں تیرتی ہوئی بطخوں کا ایک خوبصورت منظر۔

جرمنی میں ''ایکسپورٹ ٹو چائنا''

خصوصی تقریب کا انعقاد، چینی مارکیٹ

برلن (یواین پی) چین کی وزارت تجارت کے زیر اہتمام ''مشترکہ وسیع مارکیٹ، ایکسپورٹ ٹو چائنا'' کے عنوان سے جرمنی کی خصوصی تقریب برلن میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے دوران جرمن کمپنیوں کو چینی مارکیٹ اور چائنا انٹرنیشنل امپورٹ ایکسپو کے پلیٹ فارم سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں، تاکہ مزید معیاری جرمن مصنوعات اور خدمات کو چینی منڈی تک رسائی حاصل ہو سکے۔ جرمنی میں منعقد ہونے والی یہ تقریب ا(بقیہ نمبر 46)

جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کا امکان ہمیشہ کے لیے ختم ہو چکا ہے، شمالی کوریا

امریکا کی بیان بازی شمالی کوریا کی ایک جوہری ہتھیاروں سے لیس ریاست کی حیثیت کو متاثر نہیں کر سکتی

پیانگ یانگ (یواین پی) شمالی کوریا نے کہا ہے کہ جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کا امکان ہمیشہ کے لیے ختم ہو چکا ہے۔ شمالی کوریا کی وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے کہا کہ امریکا اور اس کی ماتحت افواج کی جانب سے ڈیموکریٹک پیپلز ریپبلک آف کوریا کے خلاف بے معنی بیان بازی اور اس کے خلاف جوہری خطرہ پیدا کرنے کے (بقیہ نمبر 48)

پنجاب حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے؛ منشاء اللہ بٹ

سیالکوٹ (یواین پی) پنجاب حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے؛ منشاء اللہ بٹ، صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے، یہ(بقیہ نمبر 47)

بہاولنگر، دیرینہ رنجش پر با اثر افراد کا محنت کش پر بہیمانہ تشدد

ملزمان نے نوجوان کو پکڑ کر لوہے کے راڈز سے تشدد کا نشانہ بنایا

بہاولنگر (یواین پی) بااثر افراد نے دیرینہ رنجش پر محنت کش شہری کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس پر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے نوجوان کو پکڑ کر لوہے کے راڈز سے تشدد کا نشانہ بنایا، ملزمان نے خوف ہراس پھیلانے کیلئے موقع پر ہوائی فائرنگ بھی کی، متاثرہ نوجوان کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا (بقیہ نمبر 49)

پیپلز پارٹی نے میثاق جمہوریت سے سیاسی انتقام کا دروازہ بند کیا: مراد علی شاہ

ہم شہر کے اور صوبے کے لوگوں کے لیے کام کرتے ہیں، کراچی کی میئرشپ اور الیکشن آئندہ بھی پیپلز پارٹی جیتے گی، مراد علی شاہ

پانی اور ٹرانسپورٹ سمیت اہم شعبوں میں کام ہو رہے ہیں، ایمپریس مارکیٹ شہر کا تاریخی ورثہ ہے، کراچی میں تقریب سے خطاب

کراچی: رکیٹ انسٹیٹیوٹ نارتھ کیمپس بااشتراک سوسائٹی فار پروموشن آف ریڈنگ اینڈ امپرومنٹ آف لائبریریز (SPRIL) میں منعقدہ لائبریرین سائنسز کے سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر خالد خان نجی ٹی وی کے، جنرل منیجر امجد حسین شاہ، اسپرل کی بانی رکن ربیعہ علی فریدی، جواہر علیم، ساجدہ پروین، سلمان ثروت اور دیگر کا لیا گیا گروپ فوٹو۔

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ کراچی سے محبت پیپلز پارٹی والوں سے زیادہ کوئی نہیں کرسکتا، ہمارے وسائل بہت کم ہیں، پھر بھی پوری توانائی لگا رہے ہیں۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ شہر میں بڑے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں، ملیر میں عظیم پورہ پل کو ریکارڈ وقت میں مکمل کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کراچی کے لئے پانی اور ٹرانسپورٹ سمیت اہم شعبوں میں کام ہو رہے ہیں، ایمپریس مارکیٹ شہر کا تاریخی ورثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں کو عوام کی تکلیف میں مزہ آتا تھا، اس شہر میں روز سیکڑوں لوگ مارے جاتے تھے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ہم شہر کے اور صوبے (بقیہ نمبر 50)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035